مثنوی

میر ببر علی انیس

۱۳۸۸ھ

معاصی سے نہین بندہ خاکسار | تو غفار و رحیم ہی پروردگار
مگر بوترابی جو مشہور ہون | تیری فضل و رحمت پہ مغرور ہون
ترا لطف کیا کم ہی یہہ ای خدا | کہ حیدرؑ کی شیعو نہین پیدا کیا
وہ حیدرؑ جہان جسکا محتاج ہی | غنی ہی دو عالم کا سرتاج ہی
سمی خدا سب سمی او لا علیؑ | وہ اعلیٰ ہی اور میرا مولا علیؑ
علی بعد احمد ہین مسند نشین | امیر اُمم خسرو مومنین
جہان مین ہی ابر کرم انکی ذات | انہین کی وسیلی سی ہوگی نجات
ترا رحم و الطاف کیا کیا نہین | عجب نعمتین جسم خاکی کو دین
مین کرتا ہون سب نعمتونکا بیان | وہ یہہ ہین عطائی خداوند جان
سر و چشم و بینی زبان و دہن | شکم و دست و پا و گلو و ذقن
دئی اسلئی یہہ زبان و دہن | کہ ہر دم کرون مدحت پنجتنؑ
دیا اور تو لی یہہ اعلیٰ مقام | کہ مین ہون علیؑ ولی کا غلام
بس اب مطلب دل پہ آتا ہون مین | جو موزون کیا [illegible] ہو گئین
فن نظم مین کچھہ مین کامل نہین | کوئی مجھسا ناقص نہوگا کہین
نہین قابل مدح میرا کلام | لطائف سے یکسر خالی ہی یہہ لا کلام

نگر ہی جو مطبوعِ خلقِ خدا
یہہ باعث ہی اصلاحِ اوستاد کا

دیارِ سخن مین یگانہ ہین یہہ
بلا شک فصیحِ زمانہ ہین یہہ

کرون کیا مین اونکی سخن کا بیان
کہ دہوئی ہہو کوثر سی جنکی زبان

مُقر ہین سبہی قدر دانِ سخن
کہ انسی دو بالا ہی شانِ سخن

صفا انکی بندش ہی رنگین کلام
یہین ختم ہی نظم کا انتظام

ثناخوانِ بستانِ آلِ رسولؐ
نظر کردہ مُرتضیٰؑ و بتولؑ

شناسائی نظم بیاضِ انیس
یہہ ہین عندلیبِ ریاضِ انیس

کرین اُنس اُنسی نہ کیون خاص و عام
کہ ہی مونس الذاکرین انکا نام

وہ طبعِ روان ہی کہ دریا خجل
گہر پای معنی کا معدن ہی دل

خزانہ ہی مضمون کا گویا دہن
جواہر اوگلتی ہین وقتِ سخن

سخن کی ہین شُہری بہت دور دور
پہر اسپر تکبر ہی کچہہ نہ غرور

ہر ایک کی ہین مونس یہہ عالی [illegible]
خلیق انکی جد و پدر بہی تہی سب

حد انکی گہر کا قرینہ نہین
دل آئینہ ہی بغض و کینہ نہین

یہ سب ذی شرف ہین بنی فاطمہؑ
محبت مروت کا ہی خاتمہ

امامِ دو عالم کی دلبند ہین
یہہ قرآنِ ناطق کی فرزند ہین

بس اب مختصر کر یہہ نظم بلند — کہ اپنی ثنا ہی انہین ناپسند
فروتن ہین یہہ سب مین مشہور ہی — وہ لکھہ اب جو کچھہ تجکو منظور ہی
کہ درپیش ہی یہان سی عزم عظیم — کریگا مدد تیری رب کریم

معجزہ اول جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حدیثون مین تاریخ ہی یہہ لکھی — کہ تھی چودھوین رات ذیحجہ کی
قریشی جو تھی تیرہ دل کینہ خواہ — وہ اوس شب کو حاضر ہوی پیش شاہ
یہہ کی عرض سب نی کہ یا شاہ دین — رسول خدا سرور مؤمنین
اگر قدر ہی آپ کی پیش رب — تو کرتی ہین یہہ معجزہ ہم طلب
قمر سی یہ کہئی کہ ہووی دو نیم — دکھاوی ہمین سب کو یہہ امر عظیم
قریشون نی حضرت سے جسدم کہا — تو جبرئیل لائی یہہ حکم خدا
کہ یا شاہ بعد از درود و سلام — دیا ہی یہہ رب علا نی پیام
کہ ہر شی کو ہی حکم ہمنی دیا — مطیع محمد رہو تم سدا
یہہ سنتی ہی دیکھا سوئی آسمان — نبی نی کہا یہہ قمر سی کہ ہان
برابر ہوی دو ٹکڑی ای ماہتاب — کہ دیکھین یہہ اعجاز سب شیخ و شاب
یہہ سنکر رسول خدا کا کلام — برابر تھا دو ٹکڑی ماہ تمام

پیمبر نی تب اپنی سر کو جہکا | زمین پر کیا سجدۂ حق ادا
اوٹہی سجدۂ حق سی جس دم نبی | فرشتون نی پہر سب یہہ عرض کی
دوبارہ اسی حکم یا شاہ ہو | کہ پہر اپنی حالت پہ یہہ ماہ ہو
اشارہ کیا اوسکو شہ نی شتاب | برابر ہوا ملکی پہر ماہتاب
کہا سبنی تب ہم قدم پر گرین | مسافر جو شام و یمن کی پہرین
کہین ہمسی اگر وہ بلا اشتباہ | کہ ہمنی بہی دیکہا ہی دو ٹکڑی ماہ
تو اعجاز حضرت کا مانین گی ہم | نہین سحر پہر اسکو جانین گی ہم
کئی دنکی عرصی مین مطلب ملا | ہوا داخل شہر اک قافلا
وہ شام و یمن کی مسافر تہی سب | لگی پوچہنی حال اونسی عرب
کہا سب نی اوس شب یہہ تہا ماجرا | کہ دو ہو گئی مہتاب پہر مل گیا
پہر اونمین سی اک شخص نی یہہ کہا | میری اس سخن کا ہی شاہد خدا
یہہ اون دو نو ٹکڑون مین تہا فاصلا | کہ حرا جبل بیچ مین اونکی تہا
نظر کیہہ جو بسکہ مسافر یہہ جب | گہر دین نہین گئی اپنی دہانسی عرب

معجزہ دوم بینائی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

وہ ملا باقر جو تہی مجلسی | کہ حق الیقین ہی جنہون نی لکہی

اوسی مین رقم ہی یہہ احوال سب
جو موزون مین کرتا ہون اعجاز اب

نبی کی جو تحریر ہین معجزے
ہی تفصیل اونکی کہ چوبیس تہی

ہی اول وہ مین سی اول تو نور جبین
کہ تہا چاند بہی ماند اوسی کہین

چمکتا تہا نور جبین اس قدر
کہ تابندہ ہوتی تہی دیوار و در

معجزہ خوشبو جسم مبارک

ہی اب دوسری معجزی کا بیان
کہ خوشبو تہی حضرت سی ایسی عیان

جدہر سی گذرتی تہی شاہ زمان
تو دو روز رہتی تہی خوشبو وہان

یہہ سمجہی جو گذری ودہر شیخ و شاب
ادہر سی گئی ہین رسالت مآب

معجزہ سایہ جسم مبارک

مین کہتا ہون اب معجزہ تیسرا
حقیقت مین ہی یہہ عجب معجزا

لکہا ہی یہہ تہا دہوپ مین حال شاہ
کہڑی ہوتی تہی یا کہ چلتی تہی راہ

سراپا جو تہی آپ نور خدا
نہ تہا جسم اطہر مین سایہ ذرا

معجزہ قامت مبارک

بیان ہی یہہ اب چوتہی اعجاز کا
کہ جو شخص ہمراہ حضرت چلا

وہ کیسا ہی رکہتا تہا قامت بلند
مگر اوس سی رہتی تہی حضرت بلند

معجزہ پانچوان سایہ کرنیمین ابر کی

یہہ ہی پانچوان معجزہ اب شروع — کہ ہوتا تہا خورشید دین جب طلوع
تواک ابر رہتا تہا سایہ فکن — کہ ظل خدا تہی رسول زمن
جدہر آپ جاتی تہی جاتا تہا وہ — جب آتی تہی حضرت تو آتا تہا وہ

معجزہ نہ اوڑکی جاتی اور بیٹہنی جانور ونکا جسم مبارک پر

سنین سب چہٹی معجزیکا بیان — نہین کام کی گو کہ میری زبان
ہوا پر جو اوڑتا تہا مُرغ ہوا — تو سر پر کسی شہ کی گذرتا نہ تہا
مگس اور پشہ جو تہی جانور — نہ وہ بیٹہتی تہی کبہی جسم پر

معجزہ معلوم ہونی حال روبرو و پشت کی

یہہ لکہا ہی جو ساتوان معجزا — نئی مشکل ہی اور نیا ماجرا
زہی شان اعجاز خیر البشر — کہ پیش و عقب تہی برابر نظر

معجزہ دربارہ آواز شنیدن ملایکان

کرون آٹہوان معجزا اب رقم — کہ دیندار مسرور ہو وین بہم
سنین خادمان رسالت مآب — کہ یکسان تہی بیداری اور شہ کا خواب
ملایک جو کرتی تہی باہم کلام — وہ سوتی مین سنتی تہی شاہ انام

فرشتی تہی حضرت کی پیش نظر | کسی دوسریکو یہہ کیا تہی خبر

معجزہ بجا نہین بوی بدکی دماغ مبارک مین

نواں ہی یہہ اعجاز خیر الانام | کہ جاتی نہ تہی بوی بدتا مشام

معجزہ گرانمین آب دہنکی چاہ خشک مین

یہہ دسوان مین اعجاز لکہتا ہون اب | کنوان کوئی ہوتا تہا خشکیدہ جب
گرانی تہی آب دہن اوسمین شاہ | تو پر آب ہوجاتا تہا پہر وہ چاہ
وہ پانی مرض مین جو تن پر ملا | تو بیمار نی پائی دم مین شفا

معجزہ جاننی ہر زبان کی ور جواب دینا اوسکی زبان مین

جو لکہتا ہون اب گیارہوان معجزا | یہہ اوسمین ہی احوال شاہ ہدا
سمجہتی تہی سبکی زبانین جناب | اونہین لہجونمین دیتی تہی پہر جواب

معجزہ در مدح محاسن مبارک

یہہ لکہتا جون ہون بارہوان معجزا | محاسن کا حضرت کی یہہ رنگ تہا
لکہا ہی جو ابیض ہوی تہی کمال | وہ تہی ستترہ ریش انور کی بال
مشابہ کوئی اونکو کیسی کری | درخشان ہون جو مثل خورشید کی

معجزہ در مدح مہر نبوت

جو ہی تیرہوین معجزی مین لکھا کسیکو یہہ رتبہ بہلا کب ملا
کہ مہر نبوت تہی اک پشت پر وہ قائم تہی نور کی سر بسر
کہون کیا بہلا نور کو مہر کے وہ تہا نور زاید کہین مہر سے

معجزہ روان ہونی پانی اونگلیو سنی

یہہ ہی چودہوین معجزیکا بیان کہ تہی چشمہ فیض شاہ شہان
روان اونگلیون سی یہہ ہوتا تہا آب پلاتی تہی لاکہون کو حضرت مآب

معجزہ دربارہ دو نیم کردن ماہتاب

ہوی پندرہ معجزی جب رقم ہوا ماہ کا ذکر یہان پہر بہم
وہ یہہ ذکر ہی اب بلا اشتباہ کیا ایک اونگلی سی دو ٹکڑی ماہ

معجزہ دربارہ گویا ہونی سنگریزہ در دست مبارک

سنو سولہوین معجزیکا ہی ڈہنگ کہ ہوتا تہا یہہ سنگ ریزونکا رنگ
اونہین ہاتہہ مین جبکہ لیتی تہی شاہ وہ ہوتی تہی گویا بیاد الہ
بلند اونکی ہوتی تہی ایسی صدا کہ سب لوگ سنتی تہی وہ برملا

معجزہ دربارہ سواری حضرت

الٰہی یہہ ستترہ معجزی وہ باقی بہی ہون خوب خالق کری

یہان یون ہی گویا زبان مقال — لکہا ہی یہہ شہ کی سواری کا حال
ہوی جس چرندی پہ حضرت سوا — وہ سرکش بہی تہا تو ہارا ہوار
نہ ہوتا تہا وہ پیر اور ناتوان — سدا اوسکو رکہتا خالق جوان

معجزہ [18] در مدح ختنہ و ناف مبارک

یہہ اعجاز لکہتا ہون اٹہارہوان — کہ پیدا ہوی جب رسول زمان
روایت مین لکہا ہی مطلب یہہ صاف — کہ ختنہ کیا تہا بریدہ تہی ناف

معجزہ [19] در حال محتلم نہ شدن آنحضرت

یہہ ہی نظم اونیسوان معجزا — کہ شیطان ہین سی نکالا گیا
نہ حضرت ہوئی محتلم عمر بہر — نہ شیطانی اک خواب آیا نظر

معجزہ [20] در بارہ غایب شدن فضلہ

ہی تحریر یہہ بیسوان معجزا — کہ فضلہ جو ہوتا تہا شہ سی جدا
کہون اوسکی خوشبو کو مین کیا بہلا — پہنچتا نہ تہا جسکو مشک خطا
نہ ملتا تہا ہرگز نشان ہی کہین — نگل لیتی تہی اوسکو فوراً زمین

معجزہ [21] در بارہ قوت آنحضرت

رقم ہی جو اکیسوان [21] معجزا — یہہ ہی اوسمین حال رسول خدا

خدا داد تہا شہ مین زور اسقدر ۔۔۔ مقابل ہنو تا تہا کوئی بشر

معجزہ ۲۲ در بارہ استادہ و خمیدہ ہونی سنگ و اشجار

سناؤ تین اعجاز بائیسوان ۔۔۔ بزرگی کا حضرت کی ہی یہہ بیان
لکہا ہی کہ جتنی تہی مخلوق رب ۔۔۔ رعایت وہ حرمت کی کرتی تہی سب
جدہر ہی گذرتی تہی خیر البشر ۔۔۔ وہان ہوتی تہی جتنی سنگ و شجر
وہ پہلی تو اوٹہتی تہی تعظیم کو ۔۔۔ خمیدہ بہی ہوتی تہی تسلیم کو

معجزہ ۲۳ در بارہ رعب و عنایت

ہی تیئسوین معجزی کا یہہ حال ۔۔۔ خدائی دیا تہا وہ جاہ و جلال
کسی کو نہ ہوتی تہی تاب اسقدر ۔۔۔ کہ روئی مبارک پہ کرتا نظر
جہان رعب تہا وہان عنایت بہی تہی ۔۔۔ تواضع بہی شفقت بہی رحمت بہی تہی
جو کرتی تہی چہرہ پہ کافر نظر ۔۔۔ دہین کانپ جاتی تہی وہ سر بسر

معجزہ ۲۴ در بارہ نشان پای مبارک

ہی آخر یہہ اعجاز چوبیسوان ۔۔۔ کہ جب راہ چلتی تہی شاہ زمان
زمین نرم ہوتی تہی کیسی ہی گر ۔۔۔ ہنوتا تہا شہ کی قدم کا اثر
جو پتہر پہ چلتی تہی شاہ امم ۔۔۔ تو بنتا تہا اوس پر نشان قدم

معجزہ ۲۵ دربارہ مسلمان شدن یک عرب

لکھا ہی روایت مین یہہ معجزا — کہ ایک دن حضور رسولؐ خدا
عرب ایک آیا سفر سی کوئی — نبیؐ نی یہہ تب بات اوسی کہی
یہ نیکی تیری راہ نمائی کرون — کہا اوسنی حضرت مین موجود ہون
نبیؐ نی پہر ارشاد اوسی کیا — تو کہہ کلمہ ای بندۂ کبریا
یہ کی عرض اوسنی مجہی ہی قبول — گواہ رسالت تو دو یا رسولؐ
وہان اک شجر قدرت حق سی تہا — یہہ حضرت نی اوس شخص سی پہر کہا
کہ دی اس شجر کو یہہ جاکر پیام — بلاتی ہین تجکو رسولؐ انام
گیا وہ عرب جب قریب شجر — دیا اوسکو پیغام خیر البشر
وہ پیغام سنکر ہوا خوش کمال — کہ دولت سی جیسی کوئی ہو نہال
زمین چاک کرتا چلا پہر درخت — ہوا خدمت شہ مین حاضر درخت
کیا آپ نی اوسکو ایسا نہال — گئی کہنہ سالی ہوا نونہال
وہ آیا تو حضرت نی اوسی کہا — بتا تو کہ مین ہون رسولؐ خدا
شجر حسب حکم حضرت سی گویا ہوا — کہ ہین آپ بیشک رسولؐ خدا
کہا اوس عرب نی یہہ اعجاز ہی — جو ہی حکم حضرت خدا ساز ہی

اسی حکم ہو یا رسول مبین
جھانسی یہہ آیا ہی جائی وہین

ہوا جبکہ حکم رسول انام
چلا وہان شجر جو تھا اوسکا مقام

نہ زنہار رخ اور جانب کیا
قرار اوسنی اپنی جگہہ پر لیا

نبی نی جو رتبی شجر کو دئی
زمین نی قدم اپنی سر پر لئی

ہوا معجزہ نخل کا جب تمام
تو حضرت سی اوسنی کیا یہہ کلام

اجازت یہہ دیجیی کہ سجدہ کرون
اور آنکھون کو قدمونپہ شہ کی ملون

اجازت نہ دونگا نبی نی کہا
کہ جایز نہین سجدہ غیر از خدا

جو دیتا اجازت کہ سب برملا
کرین لوگ سجدہ خدا کی سوا

تو دیتا اجازت کہ عورات سب
کرین زوج کو سجدی دن رات سب

یہہ سنکر وہ دل سی مسلمان ہوا
رکھی ہاتہہ آنکھونپہ اور یہہ کہا

میری عرض یہہ ہی کہ جلدی مجھی
قبیلہ مین جانی کی رخصت ملی

مین دعوت کرون سبکی اسلام سے
کہ شاید ملی خلد اس کام سی

قبول اون سبھون نی جو ایمان کیا
تو پھر سب کو لیکر مین حاضر ہوا

نمانا اونہون نی تو خود آون گا
یہہ کہکر وہ حضرت سی رخصت ہوا

معجزہ مسلمان شدن یک مرد

امام ششم سی روایت ہی یہہ
منافق کو بیشک ہدایت ہی یہہ

ہی ارشاد صادق علیہ السلام
سنین سامعین دل سی اب یہہ کلام

نبی سی طلب کرنی اک معجزا
کوئی شخص اک روز وارد ہوا

یہہ حضرت سی آئی ہی اوسنی کہا
مین دیکھونگا اس وقت ایک معجزا

برابر تھی حضرت کی وہان دو درخت
ہوی بار ور اون درختونکی بخت

خطاب اون درختونسی شہ نی کیا
کہ تم دونو اب ہو بہم ایک جا

یہہ سنکر نہ عرصہ کیا ایک دم
ہوی دونو وہ نخل ملکر بہم

یہہ بار دگر شہ نی اون سی کہا
کہ اب جاؤ تم دونون ہوکر جدا

روان وہ بحکم خدا ہوگئی
اوسیطرح دونو جدا ہوگئی

یہہ دیکھا جو اوس شخص نی معجزا
تو ایمان لایا مسلمان ہوا

حال وصی نمودن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بجناب امیر المؤمنین علیہ السلام در غدیر خم

کرون نظم احوال خم غدیر
صلا اسکا دیتگی جناب امیرؑ

جہان مین کوئی فرقہ ایسا نہین
یہہ احوال جس پر ہویدا نہین

علیؑ کو ولایت ہوی اسطرح
نبیؐ کو رسالت ہوی جسطرح

کتابونسی ایسا لکھو نہین یہہ حال
کسیکو نہووی ذرا قیل و قال

ہی انکار جنکو سنین یہہ کلام — اونہین کی کتابمین اونہین کی امام

معالی جو گذرا ہی عالم کوئی — لکھین اوسنی اونیس جلدین سبہی

مورخ وہ طبری جو ہی بی حجاب — اسی حال مین اک لکھی ہی کتاب

جو تفسیر ثعلبی نی لکھی — ہی اوسمین یہی تفصیل اس ذکر کی

کتاب ایک لکھتا جو ہی ترمزی — روایت ہی اوسنی یہی اسکی لکھی

ہُریرا ہی اور ابن داؤد ہی — بن عقدہ اور ابن مسعود ہی

حوالی کتابون کی لکھا ہون اب — کہون کیا جو منکر ہون اسپر یہی سب

یہہ شرح بخاریمین دیکھی کوئی — ہی ابن حجر نی روایت لکھی

کتاب ایک اوسکی ہی جامع اصول — ہی اوسمین یہی حال وصی رسول

کتاب ولایت مین یہہ ہی لکھا — ولایت علیؑ کی ہی بی فاصلہ

کتاب ایک مشکات موسوم ہی — یہہ احوال اوسمین بہی مرقوم ہی

وہ راہ دگر پر ہی گو مستقیم — مگر راست لکھتا ہی حافظ نعیم

سیوطی بہی گذرا ہی عالم کوی — روایت ہی اسطرح اوسنی لکھی

کتاب اوسکی جو دُر منثور ہی — یہہ حال غدیر اوسمین مسطور ہی

الم شاہ رسالت نی روز غدیر — علیؑ کو کیا اپنا جو ہمدم وزیر

بلند اہی آواز حضرت نی کی
ولایت علیؑ کی سبہون نی سنی

پہر اوسوقت جبرئیل خدمتمین آئی
اور الیوم اکملت کا آیہ لائی

لکہون قول ابن خلیل اب بیان
جو کرتا ہی زید ابن ارقم سا بیان

کہ ہی راست احوال خم غدیر
نبیؐ کی وصی ہین جناب امیرؑ

ہی اک یہہ بہی اعجاز حضرت امیرؑ
کہ ان سبنی لکہا جو حال غدیر

نبیؐ کو جب آیا یہہ حکم خدا
کہ اب حج آخر کرو تم ادا

سوئی کعبہ پہر شہ روانا ہوئی
تو اصحاب و احباب ہمراہ تہی

یہہ لکہتا ہی اک راوی اسکی مثال
کنایہ بہی ہی خوب اور خوب حال

کہ موسیٰ کا جو بہائی ہارون تہا
اوسی آپ نی جب خلیفہ کیا

یہان جتنا مجمع کہ لشکر مین تہا
بس اوتنا ہی مجمع تہا اوس روز کا

وہ جو لوگ تہی ساتہہ با صد حشم
کوئی لاکہہ لکہتا ہی اور کوئی کم

غرض جب ہوئی وارد کعبہ شاہ
تو جبرئیل لائی یہہ حکم اله

کہ اللہ نی یا رسولؐ انام
کیا ہی یہہ ارشاد بعد از سلام

علیؑ کو ولی عہد اپنا کرو
کہ قایم مقام اب تمہارا یہہ ہو

پیمبر نہین ایسا گذرا کوئی
کہ جسنی کیا ہو نہ اپنا وصی

ہی اک یہہ بہی ارشادِ رَبِّ علا
فریضہ یہہ تمسی بجا رہ گیا

علی کو کرو جانشین اس لئی
کہ بعد از تمہاری ہدایت کری

یہہ سنتی ہی روئی نبی اسقدر
ہوئی ریش انور سب اشکون سی تر

کہا مصطفیٰ نی کہ یا جبرئیل
بجا ہی یہہ فرمانِ ربِ جلیل

ہین بغض و حسد جنکی دلمین بہری
وہ سرسبز ہوتی نہ دینگی اسی

یہہ سب سنکی جبرئیل رخصت ہوئی
ادہر حج مین مصروف حضرت ہوئی

یہہ اصحاب و انصار پہر شاہدین
بجا لائی احکام حج مبین

زمانہ گیا جبکہ تشریق کا
تو پہر سورہ نصر نازل ہوا

یعنی تین دن بعد گزری حج کی

پیمبر لی پائی جو بوئی وفات
کہی یہہ صحابہ کی مجمع مین بات

کہ اگہہ ہو ای بندگانِ خدا
سفر جلد ہی اب جہان سی میرا

کمل بیان کرکی احکامِ دین
مین اب جاؤنگا سوئی خلدِ برین

یہہ سنکر ہوی مومنین دل ملول
گئی مسجدِ خیف مین پہر رسول

ہوا وہان بہی مجمع تو شہ نی کہا
سنین سب کلام رسولِ خدا

مین دو چیزین یہان چہوڑ کر جاؤنگا
ہی عترت میری اور کتابِ خدا

یہہ دونون نہون گی جدا اب کبہی
ہی واجب تمہین انکی فرمان بری

کہوں مختصر طول بیان ہی بڑا — روانہ ہوی وہانسی شاہِ ہدا
غرض پہنچی اوسجا رسولِ کریم — کہ ہی نام جسکا کراعُ الغمیم
تو جبرئیل پہر لائی حکم خدا — مگر ذکر حفظ و حراست نہ تہا
کیا عذر پہر شہ نی اور یہہ کہا — کہ ای بہائی جبرئیل کہنا مرا
منافق نہ مانینگی ہرگز کبہی — خدا سی کرو عذر جاکر یہی
روانہ ہوئی جب کہ جبرئیل اودہر — بہ عجلت چلی وہانسی خیر البشر
حذیفہ یہہ کہتی ہین با صد خوشی — کہ جب وادی خم مین پہنچی نبی
وہانسی جو جحفہ سی تہا فاصلا — لکہا ہی کہ وہ ایک فرسنگ تہا
لکہا ہی یہہ ہر اک محدث نی حال — وہ تہا یوم آدینہ وقت زوال
ہوا ختم جب وقت نصف النہار — تو جبرئیل نازل ہوی ایکبار
کہوں کیا جو گرمی تہی اوس روز کے — کسی نی نہ دیکہی نہو گی سنی
کہوں یا کوئی پارچہ گوشت کا — زمین پر جو رکہتی تہی بہن جاتا تہا
اوسی عین گرما مین پہر یہہ ہوا — کہ روح الامین نی وہ آیہ پڑہا
کہ تہا اوسکا مضمون قریب عتاب — حفاظت ضمانت تہی بہر جناب
ملخص یہہ ہی ترجمہ آیہ کا — کہ جبرئیل نی یہہ نبی سی کہا

کہ اسوقت تم ای حبیب خدا — وہ پہنچاؤ لوگونکو اب برملا
خدا کی طرف سی جو آیا تمہین — کئی بار جو ہی سنایا تمہین
نہ تبلیغ اوسکی اگر آج کے — نہ پہنچائی تمنی رسالت کوئی
حفاظت کری کا تمہاری خدا — بچائیگا لوگون کی شر سی سدا
یہہ سنتی ہی ناقہ سی اوتری نبی — سبہونسی یہہ پہر بات ارشاد کی
بڑہی ہین جو آگی وہ پیچہی ہٹین — جو پیچہی ہین آگی نہ ہرگز بڑہین
یہین مجتمع ہوئین اب آکی سب — ندا دی منادی نی لشکر مین تب
ہوئی ساری لشکر کو جب یہہ خبر — ہوی مجتمع آکی سب ہمدگر
کہون کیا کہ گرمی تہی وہان کسقدر — ہی تسمہ کہ پہکتی تہی سب دشت و در
حرارت سی جلتی تہی وہ سرزمین — پرافشان وخیزان سب اوتری وہین
تو زیر شجر بیٹہہ کر شاہ نی — یہہ فرمایا پہر اپنی انصار سی
وہ سلمان و مقداد و عمار تہی — ابوذر تہی اور باقی بیکار تہی
کہ جن جن کی یہان سنگ لاؤ ابہی — اور اک اونکا منبر بناؤ ابہی
بحکم جناب رسول خدا — پہر اون سب نی تیار منبر کیا
یہہ احوال منبر کا ہی دوسرا — کجاؤ ونکا اونٹونکی منبر بنا

بنا جب وہ منبر بہ حکم نبیؐ — تو لاکر ردا اوس پہ اک ڈالدی
سر منبر اوسوقت آئی نبیؐ — علیؑ کو بہی ہمراہ لائی نبیؐ
بس اوپر کی زینہ پہ بیٹھی نبیؐ — اور اک زینہ نیچی علیؑ ولی
کیا شہ نی خطبہ طویل اک شروع — فصاحت بلاغت سی باصد خضوع
پس از حمد و مدح و ثنائی خدا — یہہ ارشاد حضرت نی سب سی کیا
مکرر خدا نی یہہ بہیجا پیام — علیؑ کو کرو جانشین اور امام
کیا عذر ہر بار پیش خدا — منافق کی باعث سی مینی سدا
کہ مین نام بہی اونکی ہون جانتا — اور اون سبکو ہون خوب پہچانتا
جو مینی کئی دن کا عرصہ کیا — تو اسوقت یہہ آیہ نازل ہوا
جو کہتا ہون یہہ گوش دل سی سنو — کہ تمسی مین اولا نہین ہون کہو
کیا دست بستہ یہہ سبنی کلام — کہ مالک ہین آپ اور ہم سب غلام
سنا یہہ سخن سب سے حضرت نی جب — لیا ہات مین ہاتہہ حیدر کا تب
کیا ہات کو یون بلند ایکبار — سفیدی بغل کی ہوی آشکار
کہا رہنما ہی ولی میری بعد — وصی ہی میرا یہہ علیؑ میری بعد
نبیؐ جسکا مولا و آقا ہوا — علیؑ اوسکا آقا و مولا ہوا

خداوند عالم کا افضال ہی	سنو اب مفصل جو کچھہ حال ہی
مہاجر بہی انصار بہی بالیقین	چہ آزاد و بندہ چہ صحرا نشین
بزرگ اور کوچک عجم اور عرب	سفید و سیہ ہین اطاعت مین سب
غرض جسنی اقرار اسکا کیا	کہ یکتا ہی بی شبہ ذات خدا
ہی اون سب پہ طاعت علیؑ واجب	کہ ہوگا اسی سی تو انجام خوب
یوہین سب پہ نافض ہی حکم علیؑ	کہ جسطرح جاری ہی حکم نبیؐ
پہر اون سب سے بعد اسکی شہ نی کہا	علیؑ کو ولیعہد مین کیا
خلیفہ ہی میرا یہہ اور جانشین	رواج اسی پائیگا دین مبین
یہی بہائی ہی اور یہی ہی وزیر	یہہ سب یاد رکھین صغیر و کبیر
ہی جسکا نبیؐ ہادی اور پیشوا	ہی اوسکا علی ہادی اور پیشوا
خدایا سدا دوست رکہنا اوسی	علیؑ سی سدا دوستی جو رکہی
اور اوس سی تو رکہنا سدا دشمنی	رکہی دشمنی جو علیؑ سی ذری
خدایا سدا نصرت اب اوسکی کر	علیؑ کی جو نصرت کری آنکر
ذلیل اوسکو کر ای خدائی جلیل	کہ جو شخص سمجہی علیؑ کو ذلیل
اوسی وقت بعد اسکی پہر شاہ نی	فضایل علیؑ کی بہت سی کہی

فضائل کئی اور تاکید کی — کہ بیعت علیؑ سی کرین سب ابہی

کہا پہر یہہ حضرت نی حضار کو — جو غایب ہین اونسی بہی جا کر کہو

خبر سو او نہین تہی تا صد یقین — مرتضو نہین یہانتک جو آئی نہین

غرض پہر تو حضار نی کی رجوع — علیؑ سی ہوی سب کی بیعت شروع

کیا مرحلہ جسنی اول یہہ طی — عمر تہا وہ ثانی جو مشہور ہی

یہہ تہا وقت بیعت کی اوسکا خطاب — ولایت مبارک ہو یا بوترابؑ

کہ تمنی جو کی صبح یہہ یا علیؑ — تو امر خلافت ہوا منجلی

تم آقا میری اور اونکی بہی ہو — زن و مرد مومن ہین دنیا مین جو

غرض پہر تو لوگونکی کثرت ہوئی — کہ بیعت کرینگی علیؑ سی سبہی

غرض تین دن تک یہہ چرچا رہا — کہ بعد ایک کی آکی وہان دوسرا

جو کرتا تہا بیعت یہی کہتا تہا — مبارک تمہین یا ولی خدا

غرض بعد اسکی رسولؐ اللہ — مدینہ گئی وہان سی باعز و جاہ

خدا کی عنایت سی تونی امیر — لکہا خوب احوال خُم غدیر

سفر سی سنی کوئی ثعلبی — روایت یہہ ہی ایک اوسنی لکہی

کہ مشہور جب یہہ حکایت ہوی — نبیؐ نی کیا ہی علیؑ کو وصی

سنا ابن نعمان فہری نی جب ۔ نہایت ہوا اوسکی دل پر تعب
غرض اپنی ناقہ پہ ہوکر سوار ۔ مدینہ کو راہی ہوا نابکار
وہ مردود پہنچا مدینہ مین جب ۔ ہوا حاضر خدمتِ شاہ تب
خشونت سی اوسنے ادب نی کہا ۔ سنین آپ اب یا رسولؐ خدا
جو کلمہ پڑہایا کیا وہ قبول ۔ غرض جو بتایا کیا وہ قبول
مگر اس پہ بہی کچہہ نہ راضی ہوی ۔ نئی حکم حضرت نی جاری کی
اور اس پر تکلف یہہ زاید ہوا ۔ علیؑ کو امیر اور خلیفہ کیا
مین ابتک نہین اسّی ماہر ہوا ۔ کہ تمسی یہہ جو کچہہ ہی صادر ہوا
یہہ تہا حکم حق یا شہ انبیا ۔ و یا تمنی اپنی طرف سی کیا
سوال اوسکا حضرت نی جسدم سنا ۔ جواب اوسکا حارث کو تب یہہ دیا
کہ مینی جو حق علیؑ مین کہا ۔ ہوا تہا مجہی سب یہہ حکم خدا
غضبناک ہوکر اوٹہا روسیاہ ۔ تو کہتا چلا وہ یہہ مابین راہ
جو حق علیؑ مین ہین کہتی نبیؐ ۔ یہہ سچ ہی تو مجہپر خدایا ابہی
وہ سنگ گران اک فلک سی گری ۔ کہ اکدم مین بیدم جو کردی مجہی
فلک سی اوسی وقت پتہر چلا ۔ وہ آتی ہی بس اوسکی سر پہ گرا

گیا ستر سے اسفل کو پہر بی درنگ   کہون کیا کہ نکلا کہان سی وہ سنگ
وہ ماری تو دوزخ مین داخل ہوا   ادہر آیہ حضرت پہ نازل ہوا
کہ واقعہ تہا وہ اوس شقی کیطرف   نہ مطلب تہا اوسکا نبی کی طرف

معجزات مولانا و مقتدانا غالب کل غالب امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام

مین لکہتا ہون فصل اب دوسری   یہہ ہین معجزات وصی نبی
یہہ راوی ہین اس معجزی کی حبیب   ہوا اک سفر مین یہہ امر عجیب
کہ جاتی تہی صفین شیر خدا   مین اوس سرور دین کی ہمراہ تہا
ہوا ایک صحرا مین اکدن یہہ حال   ہوی پیاس کی سب پہ شدت کمال
یقین تہا یہہ سبکو کہ مرجائینگی   اگر آج پانی نہ ہم پائین گی
تجسس مین پانی کی جاتی تہی لوگ   مگر بوند پانی نہ پاتی تہی لوگ
بیابانین پہرتی تہی تشنہ جگر   کہ ناگاہ اک دیر آیا نظر
لکہا ہی کہ راہب کوی شخص تہا   وہ مدت سی مالک تہا اوس دیر کا
کئی شخص تب پہنچی جو اوس دیر تک   فقط پانی مانگا نہ کی دیر تک
دیا ہمکو دیر اہبون نی جواب   نہین دیر مین ایک قطرہ بہی آب
بڑی کوششین کرکی لاتی ہین آب   دو فرسخ پہ جائین تو پاتی ہین آب

مگر یون کہ سب لوگ جب جاتی ہین — کئی ولکا پانی وہ لی آتی ہین
تو عرصہ ہوا پانی آیا نہین — جو آیا تہا اوس مین سی قطرا نہین
یہہ سنکر ہراس ایسا سبکو ہوا — یقین سبنی جانا کہ آئی قضا
پہری وہان سی بہی ہوکی مایوس جب — کہا آکی حضرت سی احوال سب
یہہ سنکر کہا شہ نی ای اہل دین — بحکم ہوکی سب یہانکی کہو دو زمین
کہ پانی مجہی دی مرا کردگار — بہت سرد و شفاف اور خوشگوار
ہوا سب کو جب حکم شاہ عرب — زمین کو لگی کہودنی ملکی سب
زمین کچہہ کہدی تہی بفرمان شاہ — کہ پیدا ہوا ایک سنگ سیاہ
نہایت بزرگ اور نہایت گران — نہ اوٹہی اوٹہا مین اگر پہلوان
اوسی دیکہکر شہ نی پہر یہہ کہا — اسی ملکی تم سب اوٹہاو ذرا
کیا زور انصار نی ہمہ گر — نہ اوٹہا زمین سی وہ پتہر مگر
ہوی سب جو عاجز تو شہ نی کہا — تم اس سنگ سی سبکی سب ہو جدا
یہہ سنکر وہ سب لوگ وہان سی ہٹی — تو حضرت اوٹہانی کو پتہر بڑہی
غرض شہ نی تنہا اوٹہایا اوسی — کئی گام پر ڈالدی پہینکا اوسی
پہر اک چشمۂ آب ظاہر ہوا — وہ شیرین و شفاف اور سرد تہا

بشر اور حیوان تھی جسقدر — پیا سبنی پانی ہوئی تر جگر
ظروف اپنی پانی سی سبنی بہری — وہ جو کچھ کہ ہمراہ لشکر کی تھی
غرض شہ لی پتھر وہ بارا اوٹھا — اوسی چشمہ کی منہ پہ لا کر رکھا
وہ چشمہ تو نظروں سی پنہان ہوا — لکھا ہی یہہ راہب کا اب ماجرا
کہ اوسنی جو دیکھا یہہ اعجاز شاہ — پکارا کہ ای قوم بہر اله
مجہی دیر کی نیچی اب لیچلو — کہ شاید میرا نیک انجام ہو
غرض لائی راہب کو جب زیر دیر — وہ حاضر ہوا بہر تحصیل خیر
یہہ آئی ہی حضرت سی اوسنی کہا — نبی حق ہو کہ مرسل بتاؤ ذرا
یہہ فرمایا حضرت نے اوس سی نہین — کہا اوسنی مجکو تو یہہ ہی یقین
ملک ہو مقرب تم ای شاہ دین — کہا شہ نی راہب سی یہہ بہی نہین
کہا اوسنی فرماؤ پہر کون ہو — کہا شہ نی ای مرد فرخندہ خو
مین ہون خاتم انبیا کا وصی — تو راہب نی شہ سی گذارش یہہ کی
یہہ تہا کونسا چشمہ کہولا جو تہا — کہ حضرت نی پہر بند اوسکو کیا
کہا شہ نی آئی ہین سو تین سدا — جو پانی ہی اس این وہ ہی خلد کا
یہان سی تا صد و سیزدہ شخص نے — نبی و وصی و خلیفہ جو ہی

ہی اس چشمہ سی سب نی پانی پیا
مین آخر ہون اونکا جو تہی اوصیا

لگا کہنی راہب کہ سب ہی بجا
ہی مینی ہی انجیل مین یہہ پڑہا

یہہ احوال جب وہ بیان کر چکا
پہر اوسنی یہہ دست خدا سی کہا

مجہی ہاتہہ دیجی کہ بیعت کرون
مین اس دین حق پر مسلمان ہون

یہہ حضرت نی مطلب جو اوسکا سُنا
دیا ہاتہہ مین ہاتہہ اور یہہ کہا

شہادت کا کلمہ زبان سی تو کہہ
ہمیشہ اسی دین برحق پہ رہ

کہا پڑہ کی کلمہ کہ ای رہنما
ہوی ہی جو اس دیر کی یہان بنا

کہ حاصل یہان اوسکا دیدار ہو
جو کندہ کری آکی اس سنگ کو

بخوبی جو گذری ہین صاحب کمال
ہی ثابت کتابون سی اونکی یہہ حال

کہ ہی اس جگہہ ایک چشمہ نہان
اور اک سنگ ہی اوسکی منہہ پر گران

مگر سب وہ کہتی تہی یہہ برملا
نہین جانتا کوئی چشمی کی جا

نہین کوئی قادر کہ جو بے درنگ
کہ کہودی زمین اور اوٹہائی وہ سنگ

مگر اسکی قادر ہین بیشک یہی
نبی خدا اور وصی نبی

جو تہی بیشتر مجہسی رہتی یہان
بہت راہبان اور قسیسان

وہ ساکن تہی اس دیر مین اسلئی
کریا ئین کنندہ کو اس سنگ کی

سعادت یہہ پائین جو قسمت سے ہم | سرافراز ہون اوسکی خدمت سی ہم
بسر زندگی کی اسی امید پر | جہان سی کیا سب نی آخر سفر
کہان تک کرون شکر خالق ادا | شرف اس سعادت سی مجکو دیا
یہہ کلمی جو راہب سی شہ نی سُنی | تو پھر رو کی اوسی یہہ کلمی کہی
سپاس اوس خدا کی کہ جسنی سدا | مرا ذکر اپنی کتب مین کیا
ہوا جب کہ راہب کا دین استوا | حضوری شہ کو کیا اختیا
شب و روز راہب جو رہنی لگا | تو اک شخص شہ نی معین کیا
کہ بتلا اسی واجبات نماز | کری دین اول سی اب احتراز
گئی وہانسی صفین شیر خدا | شہید اوس لڑائی مین راہب ہوا
جنازی پہ حضرت نی پڑہ کر نماز | کیا دفن اوسکو بصد امتیاز
یہہ کی حق مین راہب کی شہ نی دعا | گنہ بخش دی اس کی ای کبریا

در معجزہ احوال بیشاہ چین کہ غرق بحر زخار شدہ بود و جناب امیر المؤمنین بیرون آوردن

کیا مجسی اک دوست نی یہہ سوال | کرو نظم اسمین شہ چین کا حال
کہا پہر روایت جو یہہ پائی ہی | مجھی کربلا مین یہہ ہاتھ آئی ہی
وہان ملا باقر جو ہین روضہ خوان | یہہ اک دن کیا مینی اونسی بیان

مجھی دیجی آپ اک معجزا — وہین معجزا یہہ او نہین نی دیا
نہ تہا اسکی کہنی کا دل مین خیال — لکہا اونکی کہنی سی مینی یہہ حال
روایت وہ یہہ ہی بلا اشتباہ — کہ سلطان چین تہا جو مسعود شاہ
لقب اوسکا پہلی تو کچھہ اور تہا — مگر شہ نی جدم مسلمان کیا
یہہ حضرت نی اوسوقت اوسی کہا — کہ مسعود اب نام تیرا رکہا
مورخ نی لکہا ہی یون اوسکا حال — وہ تہا نیک طینت فرشتہ خصال
بہادر سخی اور رفعت پناہ — ترحم کی ہردم تہی سب پر نگاہ
رعیت نواز اور نہایت عقیل — نہ تہا عدل مین کوئی اوسکا عدیل
وہ قبضہ مین اوسکی تہی فوج گران — کہ تہا مثل رستم ہراک پہلوان
خزانی مین اوسکی یہہ تہا مال وزر — کہ تہا گنج قارون سی وہ بیشتر
اور اک بیٹا تہا اوسکا رشک قمر — شجاع وسخی تہا وہ مثل پدر
پدر اور مادر تہی اوسپر نثار — نگاہون نہین رکہتی تہی لیل ونہار
اگر تہا وہ آرام جان پدر — تو مادر کی آنکہون کا نور بصر
یہہ مان باپ پر کچھہ نہ موقوف تہا — ہراک مثل بلبل تہا اوسپر فدا
بشر چین مین کوئی ایسا نہ تہا — کہ جو دل سی اوس گل پہ شیدا نہ تہا

سنو یہاں سی اب یہہ نئی داستان　　کہ اوس گل پہ اسطرح آئی خزان

سہا اوسنی کیونکر ملال فراق　　لکھونگا جو گذرا ہی حال فراق

بیان ہوگا جو کچہہ کہ حال فراق　　ہی کچہہ قول قایل بہی بہر مزاق

دیار خطا مین تہا اک بادشاہ　　اور اک بیٹی اوسکی تہی ناکتخدا

نہایت حسین اور زہرہ جمال　　کہ شرماتا تہا اوسی ماہ کمال

غرض حسن کا اوسکی شہرہ ہوا　　تو اس گل نی بہی حال اوسکا سنا

یہہ سنتی ہی بس دل سی عاشق ہوا　　کہا گل اوسی آپ بلبل بنا

سمایا لگا ہونیں گلزار عشق　　کہٹکنی لگا دل مین پہر خار عشق

چڑہا سر پہ جب عشق رشک پری　　کیا ترک صحبت کو ماں باپ کی

نہ کہاتا نہ پیتا نہ سوتا اوسی　　تصور مین دن رات روتا اوسی

بدن گرم دل مضطرب رنگ زرد　　جو کروٹ بہی بدلی تو کی آہ سرد

کبہی رو کی کہتا تہا باحال زار　　ملائیگا کب اوسکی پروردگار

غرض دن بدن پہر یہہ صورت ہوئی　　تپ ہجر سی غیر حالت ہوئی

کوئی پوچہتا گر کہ ہی کیا یہہ حال　　تو کہتا کہ بس ہی اوسیکا خیال

جدائی کی اک اک گہڑی سال ہی　　کہون کیا مین دل کا جو کچہہ حال ہی

دلِ زار دم بہر سنبہلتا نہین — کسی شغل مین جی بہلتا نہین

نہ صورت کسیکی نہ صحبت پسند — یہہ کہلتا نہین کیون میرا دل ہی بند

محبت مری حال کی ہی گواہ — تصور ہی بس اوسکا اور آہ آہ

وہ کیونکر نہ تڑپی جو ناکام ہو — بجہی آتش دل تو آرام ہو

غرض پہر تو لوگون نی شہ سی کہا — کہ ابتر ہی اب حال شہزادیکا

ہی مشہور جو بنت شاہ خطا — یہہ شہزادہ اوسیپر ہی عاشق ہوا

لگا رونی یہہ سنکی مسعود شاہ — کہا دل سی بہر بہر کے اک سرد آہ

وزیر معظم کو لاؤ یہان — کہون اوسی مین غم کی یہہ داستان

وزیر آگی جس وقت حاضر ہوا — یہہ ارشاد تب شہ نی اوس سی کیا

کرو اسکی تدبیر جلدی کوئی — کہ شاہ خطا کی ہی بیٹی کوئی

اوسی پر ہی عاشق یہہ لخت جگر — تصور اوسیکا ہی آٹہون پہر

عجب حال اپنا ہی اوسنی کیا — کئی دن سی ہی ترک آب و غذا

یقین ہی کہ جلدی گذر جائیگا — نہ تدبیر ہوگی تو مرجائیگا

یہان تو یہہ تہا ذکر ناگہہ اودہر — کسی نی یہہ دی مان کو اوسکی خبر

نہایت ہین مغموم شاہ و وزیر — کہ ہی شاہزادیکی حالت تغیر

یہہ سنکر عجب حال اوسکا ہوا — لگی کہنی ہی ہی کروں اب مین کیا

کسیکی نہ تہی ہوش اوسدم بجا — محل مین تہی گویا قیامت بپا

یہہ تہا زوجہ شہ کا اوسوقت حال — زمین پر تڑپتی تہی باصد ملال

یہہ کہتی تہی رو رو کی وہ خستہ حال — میری سُن لی ای قادر ذو الجلال

پہنسا دام الفت مین ہی میرا لال — وہ ہی تجہپہ ظاہر جو ہی اوسکا حال

مجہی اوسکی جینی سی اب یاس ہے — فقط تیری رحمت کی اک آس ہی

وہ کہتی تہی یہہ حق سی با اشک و آہ — کہ داخل محل مین ہوا بادشاہ

وہان جاکی دیکہا جو زوجہ کا حال — کہ مجہی ہی افزون ہی رنج و ملال

یکایک پڑی شہ پہ اوسکی نظر — لگی کہنی تمکو نہین کیا خبر

ذرا جاکی دیکہو کہ کیا حال ہی — قریب ہلاکت میرا لال ہی

اگر بال بیکا اک اوسکا ہوا — کرونگی مین اوسدم قیامت بپا

یہہ سنکر کہا شہ نی ای نیک بخت — وہی تو ہی اک مالک تاج و تخت

یہہ احوال جب سی ہی مینی سنا — تردد ہی مجہکو بہی حد سی سوا

سنبہالو تم اب دل کو اپنی ذرا — توانا ہی قادر ہی ربّ علا

گئی ملکی پہر دونو اوسدم وہان — جہان رہتا تہا اونکا آرام جان

غرض جب گئی جانب گلعذار ‎ ‎ نہ پہچانی صورت یہہ تہا حال زار

کہا اوسکی مان نی کہ مادر نثار ‎ ‎ بلائین لگی لینی پہر بار بار

کبہی گرد پہرتی تہی اور روتی تہی ‎ ‎ کبہی صدقی اوس لال پر ہوتی تہی

کبہی جہک کی کہتی کہ بیٹا اوٹہو ‎ ‎ ذرا حال دل کا تو مان سی کہو

کرونگی مین تدبیر اوسکی ابہی ‎ ‎ میری لال مان تیری صدقی ہوئی

دیا شاہزادی نی تب یہہ جواب ‎ ‎ گذارش کرون کیا مین پیش جناب

نیا حال ہی اور نیا ہی بیان ‎ ‎ نیا ماجرا ہی نئی داستان

کسی شخص نی مجہسی اک دن کہا ‎ ‎ کہ شہر خطا مین جو ہی بادشا

ہی ایک بیٹی اوسکی نہایت حسین ‎ ‎ خجل اوسی ہوتا ہی ماہ مبین

تو یہہ حسن جب اوسکا مین سنا ‎ ‎ ہوئی عشق کی مجہپہ نازل بلا

پہر اک سنگ الفت وہ مجہپر گرا ‎ ‎ کہ جسنی یہہ احوال میرا کیا

خلاصہ یہہ ہی حال اب تو حضور ‎ ‎ ہوا شیشۂ دل میرا چور چور

جو ملجای مجکو وہ رشک پری ‎ ‎ تو بیشک ابہی ہو میری جان بری

اگر اوس پری کو نہین پاؤنگا ‎ ‎ اسی یاد رکہی کہ مرجاؤنگا

یہہ سنکر لگی رونی وہ زار زار ‎ ‎ کہا پہر یہہ اوسنی کہ مادر نثار

مین

مین تدبیر کرتی ہون اسکی ابہی　　تیری زندگی ہی میری زندگی
یہہ سمجہا کی بیٹی کو شہ سی کہا　　کرو اسکی تدبیر بہر خدا
تم اک نامہ شاہ خطا کو لکہو　　جو دختر تمہاری ہی فرخندہ خو
اگر تمکو یہہ امر منظور ہو　　پسر سی مری اوسکی شادی کرو
یہہ سنکر جواب اوسکو شہ نی دیا　　ابہی نامہ اوسکو لکہا جائیگا
سنی گفتگو جب یہہ ماں باپ سے　　کہا ہی گذارش یہہ جب آپ سے
خطا کیجیئ پہلی میری معاف　　تو پہر حال اپنا کہون صاف صاف
کہا شاہ نی جلد بیٹا کہو　　کسی طرح سی تیرا مطلب تو ہو
تو یہہ شاہزادی نی شہ سی کہا　　کہ خود جانی کا ہی ارادہ میرا
اجازت یہہ دیجی مین جاؤن وہان　　کہ اوس جو روش کا جہان ہی مکان
کہا شہ نی ناچار سب ہی قبول　　گوارا نہیین یہہ کہ تم ہو ملول
پسر سے یہہ فرما کی وہ پادشاہ　　اوسی دم محل سی بر آمد ہوا
وزیرون کو بلوا کی اوسنی کہا　　یہہ ہی شاہزادی نی عزم اب کیا
کہ سوئی خطا یہانسی جائیگا خود　　اور اوس جو روش کو مین لاؤنگا خود
مہیا کرو جلد ساز سفر　　نہ کہنی کی حاجت ہو بار دگر

وزیرون نی یہہ عرض کی پیش شاہ — کہ دریا سی ملک خطا کی ہی راہ

کہا شہ نی اللہ ہی کارساز — بڑی ہین ہماری جو پانچون جہاز

روانہ ہو اون پر وہ خستہ جگر — نہین اونمین طوفان کا خوف و خطر

یہہ سنکر وزیرون نی سامان کیا — جہازون پر اسباب بہجوا دیا

سنو یہان سی اب شاہزادی کا حال — رفیقون مین بیٹہا تہا وہ خوش جمال

کسینی خبر دی یہہ با صد ادب — کہ پہنچا جہازون پر اسباب سب

یہہ سنکر رفیقون سی اوسنی کہا — کہ اسوقت یہہ ہی ارادہ مرا

بعجلت محل مین ذرا جاؤن مین — پدر اور مادر سی مل آؤن مین

رفیقون سی یہہ کہکی آیا وہان — وہ دونون جہان کر رہی تہی فغان

جو ہین دیکہی دونون نی شکل پسر — لپٹ کر لگی رونی مادر پدر

غرض ہوکی رخصت وہ رشک قمر — چلا دیکی دونون کو داغ جگر

مگر ساتہہ بیٹی کی مسعود شاہ — گیا تا بدریا بحال تباہ

وہان جا کی دیکہا تو ہی ازدہام — پی رخصت آئی ہین سب خاص و عام

بشفقت رعایا کا مجرا لیا — پدر کی طرف پہر مخاطب ہوا

غرض جوڑ کر ہاتہہ اوسنی کہا — کہ قدمون سی ہوتا ہی خادم جدا

نہین حال معلوم انجام کا ہم — کہ مجھکو مقدر دکھائیگا کیا
مین کرتا ہون دریا کا بیانسی سفر — کہ ہی جان کا اسمین خوف و خطر
اگر ناخدا جامہ برتن برد — خدا کشتی ہر جا کہ خواہد برد
مگر ہون دعا سی نہ غافل حضور — کہ دریا سی جلدی ہو میرا عبور
یہہ سنکر کہا اوسنی جان پدر — نہ رحم آیا تجھکو میری حال پر
تیرا ہجر مجھکو کریگا ہلاک — تیری بعد ہونگا مین پیوند خاک
زبانی یہہ باتین وہ جب کرچکی — گلی مل کی پھر دونون رونی لگی
فراق پسر تھا جو پیش نگاہ — ہوی اودہی شہ کی حالت تباہ
ہوا ختم اب قول قایل بیان — روایت کا ہوتا ہی آگی بیان
وزیرون نی دیکھا یہہ جب ماجرا — کہ ابتر ہی احوال اب شاہ کا
یہہ کہنی لگی شاہزادی سی سب — کہ ساز سفر سب مہیا ہی اب
سوار اب ہون شہزادہ سرفراز — ہین تیار عرصہ سی پانچون جہاز
یہہ تقریر سنکر وہ خستہ جگر — ہوا جلد آمادہ بہر سفر
وہ جو لوگ تھی ساتھ خدمتگذار — کیا پہلی اون سبکو اوسنی سوار
ہوی اتنی فرصت جو اوس ماہ کو — تو رخصت کی تسلیم کی شاہ کو

سوار ہونا جہاز پر

جہازون کی جانب پہر آیا وہ ماہ ہوا اسپ کی نظر و نین عالم سیاہ
جہاز ایک تہا خاص جو شاہ کا بنا برج روشن وہ اوس ماہ کا
مصاحب بہی تہی ساتہہ یون ہمدگر ستاری ہون جسطرح گرد قمر
غرض شاہزادہ ہوا جب سوار جہازون کی لنگر اونہی ایکبار
اوسیدم لگی چلنی باد مُراد روانہ ہوی پہر وہ سب شاد و شاد
کہون کیا مین احوال اب شاہ کا کہ آفت ہوا ہجر اوس ماہ کا
تڑپتا تہا کچہہ دل مین کہہ کہی وہ دم سرد بہرتا تہا رہ رہ کی وہ
جہازونکا جب تک رہا سامنا یہہ دیکہا کیا اور رویا کیا
ہوی جب وہ نظرونسی اوسکی نہان ہوا گہر کی جانب کو اوسدم روان
یہان شہ پہ تاری تہا سوز و گداز چلی جاتی تہی وہان وہ پانچون جہاز
ابہی بحر الفت سی اوبہرا نہ تہا محیط اجل مین ہوا مبتلا
غرض بیس دن کا تہا عرصا ہوا کہ اک لکہ ابر پیدا ہوا
ہوا یک بیک اک تلاطم بپا مخالف لگی چلنی اوسدم ہوا
کہا ناخدا نی کہ آیا غضب ہین طوفان کی اب یہہ سامان سب
ابہی کہتا تہا سب سی یہہ ناخدا ہوا ہو گئی تند حد سی سوا

کیا گو کی اوسدم بڑا بند و بست — مگر ہوگئی ساری پردی شکست

اجل نی کیا دست آفت دراز — تلاطم مین آئی وہ پانچون جہاز

وہ دریا غضب کا وہ طوفان کا زور — وہ موجین غضب کے وہ پانی کا شور

ہوا آخر کار بیڑا تباہ — ستارون سمیت اوسمین ڈوبا وہ ماہ

جہاز اور جہازی فنا ہوگئی — ہوا کچھ نہ معلوم کیا ہوگئی

یہان تو جو ہونا تہا وہ ہوچکا — سناتا ہون اب حال مین شاہ کا

غم و رنج مین جان کہوتا تہا وہ — پسر کی تصور مین روتا تہا وہ

نہ کہانی سی مطلب نہ پانی سی کام — زبان پر تہا ہر وقت بیٹی کا نام

یہی شغل تہا اوسکو شام و سحر — اسی طرح گذرا اوسی سال بہر

وزیرون سی تب شہ نی اکدن کہا — روانہ کرو نامی ایہ جابجا

کوئی نامہ بر جا کی لائی خبر — کہین سی تو کچھ اوسکی آئی خبر

کسی سی نہ گم گشتہ پائی گئی — نہ آئی خبر لوگ آئی گئی

ملی بعد اک سال کی یہہ خبر — ہوا غرق دریا مین شہ کا پسر

سنی جب یہہ بیٹی کی شہ نی خبر — تڑپ نی لگا گر کی تب خاک پر

ہوا قول قایل یہان پہر شروع — ہوی خود بخود پہر طبیعت رجوع

یہہ کہتا تہا کیونکر اب آئی پسر ۔ جہان مین رہی باپ جائی پسر

کہون کیا مین احوال مسعود شاہ ۔ پسر کی جو غم مین تہی حالت تباہ

قیامت تہی اوسوقت گویا بپا ۔ ہوا خانۂ شاہ ماتم سرا

اراکین دولت تہی دہان جسقدر ۔ کہڑی رو رہی تہی وہ باہمدگر

وزیرون نے سمجہایا تب شاہ کو ۔ کہ رونا ہی تا زیست اوس ماہ کو

بجا ئیگا یہہ رنج اب عمر بہر ۔ خدا دی کسیکو نہ داغ پسر

کسیکو ہی یہہ غم گوارا نہین ۔ بجز صبر کچہہ اسکا چارا نہین

وزیرون سے یہہ سنکی شہ نی کہا ۔ تمہارا یہہ کہنا تو سب ہی بجا

مگر جوش الفت کو مین کیا کرون ۔ یہہ جی چاہتا ہی کہ رویا کرون

ہوا وہ [illegible]رضی تہی اللہ کے ۔ یہہ کہکر اوتارا لباس شہی

لباس عزا پہر پہن کر کہا ۔ یہہ غم آج سے میرا ہمدم رہا

کسی سے نلونگا کبہی مین خراج ۔ کیا ترک اب مینے یہہ تخت و تاج

رکہا تاج کو پہر نہ بالای سر ۔ نہ بیٹہا پہر اوس دنسے وہ تخت پر

جو کہنا تہا قایل کو وہ کہہ چکا ۔ ہوا جبکہ عرصہ کئی ماہ کا

لکہا ہی یہہ اک روز کا ماجرا ۔ وزیر معظم جو تہا شاہ کا

تہا

بہایت عقیل اور بڑا ذی وقار — کہا اوسنی شہ سی کہ ای شہریار

یہہ لوگونسی ہینی سنی ہی خبر — کوئی شخص کعبہ مین ہی نامور

اوسی لوگ کہتی ہین دست خدا — خدائی اوسی تیغ کی ہی عطا

شجاعت زمانی مین مشہور ہی — سخاوت زمانی مین مشہور ہی

جہانمین نہین کوئی اوسکا نظیر — گدا اوسکی در کی ہین شاہ و وزیر

وہ ساری زمانی کا ہی دادرس — نہین باقی رہتی کسی کی ہوس

خدانی یہہ رتبہ ہی اوسکو دیا — مددگار عالم ہی اوسکو کیا

زمان گذشتہ مین جو تہی نبی — سوا اونکی جتنی تہی اون کی وصی

بشر جانور اور دیو و پری — غرض اینین جس پہ مصیبت پڑی

مددگار جاکر یہہ اوس کا ہوا — کیا اوسکی مشکل کو حل پر ملا

سمی خدا ہی وہ حق کا ولی — کہ ہی نام اوس شاہ دین کا علی

نہین حکم سی منحرف کوئی شی — حیات و ممات اوسکی قبضی مین ہی

ہی دونو جہان کا وہ مشکل کشا — تصیری اوسی جانتی ہین خدا

یہہ ہی ذکر یعقوب عالی ہمم — پسر کی جدائی کا تہا اونکو غم

علی نی کیا اون کا غم برطرف — کہ پایا اونہون نی وہ بچہڑا پسر

چلین اوسکی خدمت مین حضرت اگر
وہ بی شک ملا دیگا بچھڑا پسر

یہہ دستور اعظم سی جسدم سُنا
ہوا اول سی نام علی پر فدا

ملونگا پسر سی ہوا یہہ یقین
ہوا عازم کعبہ پہر شاہ چین

وزیر معظم نی دیکہا یہہ جب
دیا حکم ارکان دولت کو تب

کہ تیار ہو جلد ساز سفر
نہ ہو حاجت حکم بار دگر

ہوا جب کہ تیار ساز سفر
روانہ ہوا شاہ فرخ سیر

غرض چند روز وہین طی کر کی راہ
ہوا وارد کعبہ مسعود شاہ

لگا پوچھنی سب سی وہ نیک نام
بتاؤ مجھی بارگاہ امام

بتایا کسینی پہر اوسکو وہین
وہ ہی بارگاہی شہنشاہ دین

نظر آیا جسدم وہ دولت سرا
سواری کو چہوڑا پیادہ چلا

گیا جب وہ سلطان در شاہ پر
جبکا آستان فلک جاہ پر

لگا کہنی جنت ہی یہان کی زمین
یہہ کہکر ملی اوسنی اپنی جبین

غرض جبہہ سائی وہ جب کر چکا
یہہ اوسوقت قنبر سی اوسنی کہا

وطن چہوڑ کر مین ہون آیا یہان
مجھی لیچلو پیش شاہ جہان

تو پہر ساتہہ قنبر کے مسعود شاہ
ہوا با ادب داخل بارگاہ

ہوا جبکہ خدمت مین وہ باریاب — نظر آئی اوسکو مہ و آفتاب
بیٹھے تھے جو مسند پہ جلوہ کنان — رسولؐ زمن اور امامِ زمانؑ
جھکا دیکھتی ہی بصد احترام — کئی باادب اوسنی پھر و سلام
جواب سلام اوسکو پہلی دیا — نبی نی پھر ارشاد اوسی کیا
بتا اب یہہ مجھکو تو ای نیکنام — غرض ہی علیؑ سی کہ مجھسی ہی کام
کوئی درد ہی تو دوا ہی علیؑ — ہی مشکل تو مشکل کشا ہی علیؑ
کلام نبی جسنکی بولی علیؑ — مین بندہ ہون مولا ہین میری نبیؐ
ذرا انکا سایہ جو مجھپر پڑا — اوسی سی ہی میرا نام روشن ہوا
مین ذرا ہون اور مین ہی آفتاب — مین اک کمترین اور یہہ عالی جنابؐ
یہہ سنتی ہی قدمو پہ وہ گر پڑا — علیؑ سی یہہ روکر وہ کہنی لگا
نہین ہی کوئی اور مشکل کشا — یہین سی روا ہوگا مطلب میرا
کہون کیا جو دل پہ میری ہی الم — نہین مرتی سی میرا حال کم
پسر تھا میرا ایک رشک قمر — کیا اوسنی دریا کا وہانسی سفر
مصاحب بہی تہی ساتہہ اوس ماہ کی — ارادی سی جاتا تہا وہ بیاہ کی
کہان تک کہون یا شہ بحر و بر — ہوا غرق دریا وہ لخت جگر

غرض جب سی مینی سنا ہی یہہ حال — ہوا ہی مجھی اپنا جینا وبال

ہوا غرق دریا جو وہ رشک ماہ — دیکھایا مقدر نی روز سیاہ

رعایا کو ماتم کا یہہ جوش ہے — کہ سب شہر اب تک سیہ پوش ہے

نہان ہی جو آنکھونسی وہ نوجوان — ہی اندہیر نظرون مین سارا جہان

کہون مان کا اوسکی مین احوال کیا — ہی شام و سحر اوسکو شغل بکا

کہلی موی سر مین اور آنسو روان — زبان پر یہہ ہی ہائی کڑیل جوان

کبہی رو کی کہتی ہی کس جا ہی تو — نہان میری نظرون سی بیٹا ہی تو

کہانسی مین اب ڈہونڈلاؤن تجہی — مین کس طرح ای لال پاؤن تجہی

ہوی غرق ساری کمائی مری — اجل تیری بدلی نہ آئی مری

حضوری کا جب عزم مینی کیا — یہہ پیغام حضرت کو اوسنی دیا

یہہ لونڈی تصدق ہو یا شاہ دین — قرار اب شب و روز مجھکو نہین

مری خال پر رحم اب کیجی — مرا لال مجھی ملا دیجی

یہہ جو کچہہ ہی اوس نوحہ گر نی کہا — مرا ہی تو مطلب یہی ہی شہا

مین ہون شہر کا اپنی گو پادشاہ — مگر ہون غلام رسالت پناہ

یہانسی کہان جاؤن مین نوحہ گر — مین حضرت سی لونگا وہ نور نظر

سنا وروکا جب یہہ اوسنی بیان ۔ بہت روئی سنکر رسول زمان
کہا پہر علی سی کہ یا مرتضیٰ ۔ تہین ہو زمانی کی مشکل کشا
سیح جہان تم ہو اور نامور ۔ کرو کہ کہ زندہ ہو اسکا پسر
یہہ سنتی ہی اوٹہی شہ ذوالفقار ۔ ہوی اپنی گہوڑی پہ جلدی سوار
چلی جب کہ کعبہ سی شاہ امم ۔ ہوی ساتہہ قنبر ہی باصد حشم
جلو مین تہا حضرت کی مسعود شاہ ۔ اور اوسکی جلو مین تہی اوسکی سپاہ
ہوا تب یہہ حکم شہ حق پسند ۔ کہ سب کرلین آنکہونکو اسوقت بند
کیا سب نی بند اپنی آنکہونکو تب ۔ پہ حکم جناب امیر عرب
اطاعت ہو اوسکی تہی کیون سب پہ فرض ۔ کہ قبضی مین جس شہ کی ہو طی ارض
پہنچتی ہی حضرت نی سب سی کہا ۔ کہ اب کہولو آنکہونکو دیکہو ذرا
کہا دیکہکر سب نی دریای چین ۔ کہا وہ زمین اور کہان یہ زمین
ابہی تہی کہان اور آئی کہان ۔ نہ تہا ہمکو جس جا کا وہم وگمان
سوا معجزی کی کہین اسکو کیا ۔ علی رہنما ہین علی رہنما
لگا کہنی حضرت سی مسعود شاہ ۔ اسی مین ہوا ہی وہ بیڑا تباہ
یہہ قنبر سی اوس وقت شہ نی کہا ۔ تو دریا کی سب مچہلیون کو بلا

خبر مچھلی والا گہر کی کہین — وہ ماہیت اسکی پسر کی کہین
کہا بڑہ کی قنبر نی اوسوقت تب — کہ ای مچھلیو تم نکل آؤ سب
بلاتی ہین تمکو امام زمانؑ — بہت جلد حاضر ہو تم سب یہان
یہہ آواز سنکر وہ تہرّا گئین — اوبہر کر کناری پہ سب آگئین
فقط مچھلیون کو کیا تہا طلب — مگر آگئی ساکن بحر سب
رئیس ایک مچھلی تہی اونمین بڑی — نگہہ جبکہ حضرت کی اوسپر پڑی
یہہ کہنی لگی اوسی شاہ زمان — کہ دریا مین ڈوبا ہی اک نوجوان
پسر تہا شہ چین کا وہ خوش نُما — شب و روز کرتا ہی وہ اوسکو یاد
پدر کو ہی بیٹی کی ہردم تلاش — تو اب جاکی ڈہونڈ اوسکی بیٹی کی لاش
یہہ سنتی ہی ارشادِ شاہ زمان — گئین ڈہونڈنی اوسکو سب مچھلیان
بہت ہر طرف بحر مین کی تلاش — کسی نی نپائی مگر اوسکی لاش
ملا جب کسیکو نہ اوسکا پتا — یہہ حضرت سی سب نی آکر کہا
وہان تک تو ہو آئین سب مچھلیان — ندیکہا تہا اب تک کبہی جو مکان
تو مجبور ہین یا امام زمنؑ — نہ تہا تہہ آیا اوسکا کوئی عضو تن
کہین کیا ہم احوال دریا کا اب — ہویدا ہی حضرت پہ احوال سب

یہہ کہنی لگی ہنس کی شاہ ہدا | مین دریا کا سب حال ہون جانتا
ہی اس سمت کو ایک پتھر بڑا | وہ ہی سرخ رنگ اور نہایت بڑا
ہی اوسکی تلی اوسکی اونگلی پڑی | وہ اونگلی کوئی جاکی لائی ابہی
کہ ہو راہ دریا سی تم آشنا | وہ لاؤ تو ظاہر ہو شان خدا
سنا جب کہ حضرت نی اوسکا نشان | جو مچھلی بڑی تہی ہوی وہ رواں
غرض جاکی پہنچی وہ جسدم وہان | اوسی مونہہ مین لائی وہ مثل زبان
کناری پہ جب لاکی اوسکو رکھا | اوتر آئی گھوڑی سی مشکل کشا
فرس سی اوترتی ہی شاہ زمان | وہان آئی انگشت تہی وہ جہان
بلطف وکرم پہلی دیکہا اوسی | روا سی پہر کی ڈہانپا اوسی
سوی قبلہ مونہہ کرکی جب کی دعا | تو آمین کی آئی فلک سی صدا
غرض آمد وشد نفس کی ہوئی | کہ اتنی مین چادر بہی ہلنی لگی
ہوا زیر چادر یہہ تب ماجرا | کہ انسان کی پیدا ہوئی ہست وپا
بنا کر روا مونہہ سی وہ مہ لقا | زمین سی اوٹہا کلمہ پڑہتا ہوا
وہ اوٹہتی ہی شہ کی قدم پر گرا | قدم پر پہر آنکہون کو اپنی ملا
اوڑی یک بیک سب کی ہوش وحواس | تصدق ہوئی اور پہری آس پاس

یہہ حضرت نی پہر شاہ چین سی کہا
یہہ سنتی ہی قدمونپہ وہ گر پڑا
وصیؑ نبیؐ اور امام مبین
نہین کوئی ایسا بجز شاہ کی
نصیری جو کہتی ہین شہ کو خدا
ہنسی شاہ اور اوسی کہنی لگی
یہہ سنکر گیا جب قریب پسر
کناری وہ سب لوگ ہونی لگی
گلی سی ملا جب وہ بچھڑا پسر
علیؑ کی تصدق سی پایا اوسی
یہہ ہی عین احسان رب غنی
وہ گل باپ سی اپنی جب مل چکا
جدا ہون رفیقو تنسی مین یا امامؑ
کہا اونکی مان باپ نی مجسی گر
جواب اسکا کیا دیگا اونکو غلام

اسی دیکہہ بیٹا یہی ہی تیرا
تصدق ہوا اور کہنی لگا
جہان مین سوا شہ کی کوئی نہین
کہ اس طرح مردیکو زندہ کری
ہی بی شک یہہ سب اونکا کہنا بجا
تو بیٹی سی مل تو خوشی ہو مجہی
کہڑی تہی وہان سیج مین جو بشر
وہ دونو گلی مل کی رونی لگی
لگا کہنی سب سی یہہ وہ نوحہ گر
نہ تہی آس ملنی کی جنکی مجہی
کہ بخشی ان آنکہونکو پہر روشنی
یہہ تب رو کی حضرت سی اوسنی کہا
وطن مین بچائیگا تنہا غلام
بتاؤ کہان ہین ہماری پسر
اونہین بہی کرین زندہ شاہ انام

مصاحب مری گر نہ زندہ ہوئی — نہیں ہی یہہ منظور خادم جی

سوا اسکی پہر کوئی چارا نہین — کہ پہر غرق دریا ہون یا شاہ دین

پسر نی کہا جب یہہ با اشک و آہ — پدر نی رخ شاہ پر کے نگاہ

کہا تب یہہ حضرت نی ای مرحبا — مروت نی تیری مجہی خوش کیا

نہ کر رنج اسکا تو ای نوجوان — کہ عقدہ کشا ہی خدائی جہان

یہہ سب مرتبہ ہی اوسینی دیا — کہ ہر چیز پر مجہکو قادر کیا

نہ اس بات سی دل مین تو ہو ملول — کہ ہوگا ابہی تیرا مطلب حصول

یہہ فرما چکی جب زبان سی امام — گئی قرب دریا شہ خاص و عام

چڑہا کر ید اللہ نی آستین — کیا داخل بحر دست یمین

بڑہا یہان سی جب دست شاہ ہدا — زمین نی جہازونکو اونچا کیا

نکالا جو دریا سی حضرت نی تہہ — وہ پانچون جہاز اوسکی تہی تہہ بہ تہہ سا

ہتی اس طرح بالائی دریا جہاز — نہ ڈوبی تہی دریا مین گویا جہاز

مصاحب تہے سب زندہ بیٹہی ہوی — نظر آئی وہ سبکو ہنستی ہوئی

جہازون سی اوتری زمین پر وہ جب — اوترتی ہی سب نے کیا شکر رب

جو کافر تہی وہ اہل ایمان ہوگئی — سعد شاہ چین سب مسلمان ہوئی

رفیقون سی جب شاہزادہ رلا — ہوا دل مین خوش اور شہ سی کہا
یہہ ہی عرض خادم کی یاشاہ دین — تصدق ہو حضرت پہ جان حزین
ہوئی یہہ تو یاشاہ حاصل مراد — ملی مجکو محبوب تو دل ہو شاد
چڑہا ہی میری سر پہ سوداے عشق — ابہی تو مین ہون غرق دریاے عشق
یہہ سنکر کہا شہ نے بہتر ہی آ — غرض سبکو ہمراہ اپنی لیا
چڑہی جب جہازون پہ چہوٹی بڑی — اوسی دم خطا کو روانہ ہوی
غرض پہنچی طی کر کی راہ دراز — سواد خطا مین وہ پانچون جہاز
قریب آکی ساحل سی جب وہ تہی — اوسی دم جہازون کی لنگر پڑی
کہا تب یہہ حضرت نی اک شخص سی — تو کہہ جا کی حاکم سی اس شہر کے
علی نی دیا ہی یہہ تجکو پیام — سن اب گوش دل سی تو اے نیکنام
کہ بیٹی جو تیری ہی اک رشک ماہ — پسر سی شہ چین کی کر اوسکا بیاہ
یہہ پہنچا جو پیغام شاہ ہدا — قبول اوسکو شاہ خطائی کیا
خوشی سی بدل نامرادی ہوی — بڑی دہوم سی پہر وہ شادی ہوی
خوشا رہبر انس و جان کی عطا — ہوی اہل دین ساری اہل خطا
رعایا نی کی ترک راہ خطا — مسلمان ہوا خود وہ شاہ خطا

وہ

دولہن دولہ کو لیکی مسعود شاہ | وطن کو چلا وہانسی با عز و جاہ
روانہ ہوئی جب وہ پانچون جہاز | ہوئی داخل کعبۂ شاہ حجاز

معجزہ دیگر جناب امیر المؤمنین ع
وصی رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

یہہ موزون جو کرتا ہون اب معجزی | لکھی ہین کتابون مین سب معجزی
یہہ کرتی ہین عمار یاسر بیان | کہ جاتی ہتی کوفہ سی شاہ زمان
زبان پہ ہی یہہ ذکر جس روز کا | مین اوس روز حضرت کی ہمراہ تہا
قریب ایک دہ کی جو پہنچی امام | کہ نخلا ہی مشہور اوس دہ کا نام (یعنی نخلہ)
پچاس آدمی وہانسی ظاہر ہوی | وہ قوم یہودی ہتی سب مرد تہی
یہہ آتی ہی حضرت سی سب نی کہا | تمہین ہو علی بادشاہ ہدا
جواب اسکا اونکو یہہ شہ نی دیا | ہمین ہون علی بولو مطلب ہی کیا
وہ بولی کہ عقل بشر ونگ ہی | سنا ہی یہان دفن اک سنگ ہی
کہ نام انبیا کی ہین اوس پر کہدی | تمہاری نبی اذر پہلی جو تہی
نشان اوسکا یاشاہ ملتا نہین | سنا ہی پر آنکہونسی دیکہا نہین
بزرگون سی بہی اپنی اکثر سنا | اونہین بہی نشان کچہہ نہ اوسکا ملا

جو ہو تم اسام زمان یا علیؑ
کلام اونکا سنکر یہہ شہ نی کہا
یہہ فرما کی اونسی جو حضرت چلی
چلی تہی وہانسی ابہی چند گام
کہ اک تودہ ریگ پیدا ہوا
سنین سب ادہر اکدن آتا تہا مین
تو جسوقت مین آکی پہنچا یہان
کہا سب نے ہم مین یہہ قدرت نہین
کلام یہودان یہہ جدم سنا
کہ اس تودہ ریگ کو ای ہوا
ہوا جب ہوا کو یہہ فرمان شاہ
اوٹہا کر وہان سی نہ اکجا رکہا
نشان ریگ کا جب نہ باقی رہا
یہہ بولی پہر اون سی شہ نامدار
وہ یہہ سنگ ہی آکی دیکہو اسی

بتاؤ جگہہ ہمکو اوس سنگ کی
مری ساتہہ آؤ تو مین دون بتا
گیا مین بہی ہمراہ وہ بہی گئی
وہ سب لوگ تہی اور امام انام
ٹہر کر وہان شہ نی سب سی کہا
بساط سلیمان پہ جاتا تہا مین
اسیطرح تہا سنگ جب بہی نہان
ہٹائین جو تو وہ کو طاقت نہین
ہوا سی یہہ شہ نی اشارا کیا
بہ عجلت بسرعت یہان سی ہٹا
کیا تودہ ریگ اوسنی تباہ
اوسی دشت مین اوسکو پہیلا دیا
تو اک سنگ اوس جا پہ ظاہر ہوا
جو آئی تہی اوس سنگ کی خواستگار
کہ جو یا تم آئی تہی جس سنگ کے

اوسی دیکہکر سب نے شہ سی کہا — نہین ہی یہہ وہ سنگ شاہ ہدا

یہہ وہ سنگ ہوتا اگر یا امام — تو پیغمبرون کی لکہے ہوتی نام

یہہ کہنی لگی اون سی شاہ انام — کہ اوس سمت کو سب وہ کندہ ہین تام

کہا شاہ معجز نمانی یہہ جب — وہان اہل قریہ بہی حاضر تہی سب

گہرونسی وہ لائی کدال اور کلنگ — کہ کہودین زمین اور اوٹہائین وہ سنگ

یہہ اون سب نے جسوقت تدبیر کی — زمین گرد پتہر کی کہودی گئی

اوٹہانی لگی جب زمین کہد چکی — مگر کچہہ نہ پتہر کو جنبش ہوی

کہا اوس جماعت سی تب شاہ نی — الگ تم کہڑی ہو سب اس سنگ سی

یہہ سنتی ہی وہ سب وہانسی ہٹی — سوی سنگ پہر شہ مخاطب ہوی

ہوی سخت حیران وہ حاضر تہی جو — کیا منقلب شہ نی اوس سنگ کو

یہودی اوسی جب لگی دیکہنی — تو دیکہا یہہ ہین نام اوسپر کہدی

سلیمانؑ و داودؑ و نوحؑ جلیل — کلیمؑ و محمدؐ مسیحؑ و خلیلؑ

وہ پہلی دلون مین پشیمان ہوی — پڑہا پہر تو کلمہ مسلمان ہوئی

تو بعد اوسکی سب نے یہہ شہ سی کہا — گواہی یہہ ہم دیتی ہین برملا

کہ پہچانا جسنی تمہین یا علیؑ — نجات اوسکی عقبی مین بیشک ہوئی

جو برگشتہ اس درسی ای شاہ ہی | وہ بیشک رہ دین سی گمراہ ہی
تمہین ہو وصی رسولؐ خدا | ہی توریت و انجیل مین یہہ پڑہا
غرض جب یہودی مسلمان ہوی | وہ سب اہل وہ بہی مسلمان ہوی

معجزات جناب فاطمۃ الزہرا سیدۃ النساء العالمین
دختر رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتابون مین لکہا ہی یہہ معجزا | کہ اک دن حضور شہ انبیا
مدینہ مین حاضر ہوی کچہہ عرب | وہ تہی قوم کی اپنی سردار سب
سبہون نی یہہ کی عرض پیش رسولؐ | کرین کچہہ گذارش اگر ہو قبول
توجہ جو پائی تو سب نی کہا | ہی شادی کی گہر مین ہماری بنا
عنایت کا اس گہر پہ ہی خاتمہ | عجب کیا جو شرکت کرین فاطمہ
سوال اونکا سنکر کیا یہہ خطاب | کرون اوسی دریافت تب دون جواب
خبر کیا نجائی کہ جائی بتولؑ | یہہ فرما کی مسجد سی اوٹہی رسولؐ
حرم مین جو پہنچی رسولؐ انام | کیا فاطمہ سی یہہ شہ نی کلام
میری پاس آئی ہین شیخ عرب | بلاتی ہین شادی مین تمکو وہ سب
سنا سیدہ نی یہہ حضرت سی جب | تو یہہ عرض کی پیش شاہ عرب

بلاتی ہین مجکو جو شادی مین سب — کہلا اُس بلانیکا مجہپر سبب
کہ جب ہوی محفل مین میرا گذر — تاسف کرین سب میری حال پر
تفاخر سی زنان بیٹھی ہونگی سب — زنانِ عرب دخترانِ عرب
جواہر کی زیور ہین سب اونکی پاس — وہ سب پہنی ہونگین گی زرین لباس
یہان کچہہ بہی سامان میسر نہین — بجز کہنہ چادر کی چادر نہین
نہ موزی لئی ہین نہ جامہ نیا — وہ ہین جس مین پیوند ہین جابجا
جو اس حال سی ہوگا جانا میرا — خوشی ہوگی اعدا کو حد سی سوا
کہی سیّدہ نی یہہ جدم سخن — ہوئی سنکی غمناک شاہ زمن
کہ اتنی مین جبرئیل نازل ہوی — یہہ آتی ہی حضرت سی کہنی لگی
کہ خالق نی یا سرورِ خاص و عام — کیا ہی یہہ ارشاد بعد از سلام
کہ رختِ کہن ہی جو زہرا کی پاس — وہی اوسکو پہنا کی بہیجو لباس
سُنا فاطمہ نی جو حکمِ خدا — بجا لا کی شکرِ خدا یہہ کہا
مجہی حکمِ خالق مین کیا ہی کلام — یہہ ہی عین الطافِ ربِّ انام
یہہ کہکر اوٹہین اور پہنا لباس — وہی کہنہ کپڑی جو تہی اونکی پاس
چلین جبکہ شادی مین بنتِ رسولؐ — شماتت سی اعدا کی دل تہا ملول

کہ ناگاہ سکان ہفت آسمان
بدرگاہ خلاق کون ومکان

بصد عجز کرنی لگی التجا
یہہ ہی دختر خاتم انبیا

ہمارا یہہ مطلب ہی باہمد گر
اسی دل شکستہ تو یارب نکر

فرشتون نی یہہ عرض جسدم کیا
یہہ جبرئیل کو حکم خالق ہوا

کہ جاؤ مدد فاطمہ کے کرو
مہیا کرو وہ ضرورت جو ہو

یہہ جب حکم خدا اسنکی روح الامین
بعجلت گئی سوی خلد برین

غرض لیکی جنت سی پوشاک نور
کیا خدمت سیدہ مین ظہور

چلی تہی جہان سی جو روح الامین
تو اک لاکہہ حورین ہی ہمراہ تہین

اوسی وقت حضرت تہین گہر سی چلین
کہ حاضر ہوئی جبرئیل امین

کیا زیب تن آپنی وہ لباس
وہ حورین کہڑی ہوگئین آس پاس

نظر آیا جدم یہہ لطف خدا
زمین پر جہکین اور سجدہ کیا

اوٹہین جبکہ سجدیسی خیر النسا
خدا نی کیا نور اپنا عطا

کہون کیا کہ کیا تہا وہ نور مبین
زبان سی بیان اوسکا ممکن نہین

بجالا کی مدح و ثنای اله
چلین فاطمہ گہر سی با عز و جاہ

گئی پہر سوی چرخ روح الامین
وہ سب حورین ہمراہ حضرت گئین

غرض جا کی پہنچین یہہ شادی مین جب
وہان منتظر تہین زنان عرب

نظر آئی جس وقت اک روشنی
تعجب ہوا سب کو حیرت ہوئی

محلّی کی سب لوگ حیران ہوی
جہان کیون ہی روشن پریشان ہوی

سنی جسنی حورو نکی صورت حسن
غش آیا ہوا ایسا محو سخن

زنان عرب سب کی سب ہمدگر
دولہن کو اکیلا وہین چہوڑ کر

گئین پیشوائی کو باصد ادب
شرف یاب خدمت ہوئین جا کی جب

تو دیکہا ستارونمین جو ماہ ہین
بصد فخر حورین بہی ہمراہ ہین

جلاتی ہوی مجمرون مین وہ عود
چلی آتی ہین ساتہہ پڑہتی درود

زنانی کی باتین فراموش تہین
زنان عرب جو تہین مدہوش تہین

ادب سی تفاوت سی آتی تہین ساتہہ
کوئی چومتی تہی قدم کوئی ہاتہہ

غرض سیدہ بیٹہین محفل مین جب
صفین باندہ کر حورین اکبار سب

کہڑی ہوگئین سب برُوئی ہوا
زمین پر قدم ایک کا بہی نہ تہا

زنان عرب حال یہہ دیکہکر
اوٹہین اور گرین دمبدم خاک پر

دولہن کی بہی آخر یہہ صورت ہوئی
کہ کرسی سی اکبار وہ بہی گری

وہ گرتی ہی کرسی سی بیہوش تہی
اوسی حال مین جان پہر اوسنی دی

کسیکو خوشی پھر نہ اک پل ہوئی | وہ شادی عزا سی مبدل ہوئی
ہوا شور اک آہ و فریاد کا | ہی بزم شادی کی بزم عزا
ہوا پیش حضرت جو یہہ سانحا | مکدر ہوئین آپ حد سی سوا
کیا پہر وضو اور پڑہ کر نماز | جہکین سجدۂ حق مین باصد نیاز
دعا کی یہہ سجدی مین القدسی | جو بندی ہین مقبول یارب تری
قسم تجکو اونکی اطاعت کے ہی | قسم تجکو اپنی جلالت کی ہی
کہ بنت پیمبر کو تو ای خدا | اب اس شرمسار سی کردی رہا
ابہی فاطمہ کر رہین تہین دعا | ابہی سر ہی سجدی سی اوٹہا نہ تہا
کہ ناگاہ میت کو جنبش ہوئی | پہر اک چہینک آئی اوسی اور اوٹہی
ہوئی زندہ جب وہ بحکم خدا | اوٹہین سجدۂ حق سی تب فاطمہا
سلام آپکو پہر دولہن نی کیا | قدم پر گری اور رو کر کہا
ہو مقبول ای بنت خیر البشر | پیمبر ہین برحق تمہاری پدر
تمہارا خدا ہی جو ای فاطما | وہ برحق خدا ہی وہ برحق خدا
بتون کو جو کہتی ہین کافر خدا | کلام اونکی باطل ہین بس کہل گیا
غرض ختم جب اوسنی تقریر کی | وہ باصدق دل پہر مسلمان ہوئی

یہہ اوسدنکا احوال مرقوم ہی	مسلمان ہوی مرد و زن جماعۃ
دولہن کی عزیز و اقارب تہی سب	سوا اونکی تہی اور ہی جو عرب
تنفر ہوا اونکو اصنام سی	مشرف ہوئی سب وہ اسلام سی
پہر اس معجزہ کا وہ چرچا ہوا	کہ سب شہر کی حال سارا سنا
گئین اپنی گہر مین وہ شاد سبی جب	پدر سی کہا جا کی یہہ حال سب
نبی نی یہہ احوال اجدم سنا	کیا سجدۂ شکر اور یہہ کہا
کہ ای نور دیدہ جو تمنی کہا	خدا سی ہی امید اتنی سوا

معجزہ دیگر رہن شدن چادر جناب فاطمہ علیہا السلام و مسلمان گردیدن یہودان

لکہا ہی یہہ اک روز کا ماجرا	روایت ہی صادق نیا معجزا
علی ولی شاہ ارض و سما	گئی اک یہودی کی پاس اور کہا
کہ تہوڑی سی جو مجکو تو قرض دی	یہودی نی کی عرض تب شاہ سی
کسی چیز کو رہن رکہو اگر	تو مین جو تمہین دون شہ بحر و بر
علی لی گئی جامۂ فاطمہ	لکہا ہی کہ جامہ وہ تہا صوف کا
دیا اوس یہودی کو اور جو لئی	گئی اور وہ جو فاطمہ کو دی

غرض لی کی وہ جامہ فاطمہ کا
جو تہی گہر مین اوسکی حفاظت کی جا
یہہ کہتا ہون مین حال اب شام کا
ضرورت کی باعث سی اوٹہکر گئی
وہان جاکی دیکہا عجب ماجرا
تعجب ہوا کچہہ اوسی کچہہ حراس
بیان کرکی سب حال اوسی کہا
سبب اسکا کچہہ مین نہین جانتی
یہودی یہہ تعجیل آیا وہان
یہہ دیکہا پہر اوس روشنی کا ظہور
یہہ حال اوس پہ جسوقت روشن ہوا
مجہی اب نہین شبہ اسمین ذرا
نہین سبکو حاصل ہی قرب خدا
خدا نی ہمین دی ہی عقل لطیف
ہوا وقفشا اوسپہ لطف خدا

یہودی نی پہر اپنی گہر مین گیا
وہان جاکی اوس جامہ کو رکہدیا
یہودی کی زوجہ کو اک کام تہا
جہان کام تہا کچہہ وہان پر گئی
ہی ایک نور سب گہر مین پہیلا ہوا
غرض پہر کی آئی وہ شوہر کی پاس
چراغ آج مینی جلایا نہ تہا
کہ یہہ کیا ہی اور کیسی ہی روشنی
کہ وہ روشنی تہی ہویدا جہان
کہ ہی جامہ فاطمہ کا یہہ نور
تو زوجہ سی اپنی یہہ اوسنی کہا
کہ آل عبا کا ہی رتبہ بڑا
وہ کافر ہون بیشک جو انسی پہرا
نہ حاصل کرین اس پہ دین شریف
اوسی کہ دم معہ زن مسلمان ہوا

ہوی صبح جسدم یہودی اوٹہا ‏ ‏ ‏ قبیلی سی اپنی یہہ جا کر کہا
کہ اس شب کو گذرا ہی یہہ سانحا ‏ ‏ ‏ غرض تہا جو دیکہا بیان سب کیا
یہہ سنکر یہودی کی سب اقربا ‏ ‏ ‏ مسلمان ہوی ولسی کلمہ پڑہا
غرض پہر یہودی کی زوجہ نی بہی ‏ ‏ ‏ عزیزون کو اپنی ہدایت یہہ کی
ہوئی دین سی وہ بہی سب بہرہ ور ‏ ‏ ‏ اقارب بہی اوس زنکی اسّی نفر

معجزات حضرت امام حسن علیہ السلام

یہہ سب ہونگی موزون بوجہ حسن ‏ ‏ ‏ کہ ہین معجزات امام حسنؑ
لکہا ہی یہہ راوی نی اک معجزا ‏ ‏ ‏ کہ جاتی تہی عمرہ کو شاہ ہدا
جلومین تہی اصحاب پیر و جوان ‏ ‏ ‏ سوئی کعبہ تہا قبلۂ دین روان
رکاب سعادت مین تہا کوئی غیر ‏ ‏ ‏ اوسی لوگ کہتی تہی ابن زبیر
سنو ایک منزل کا یہہ ماجرا ‏ ‏ ‏ کہ پہنچا سراتک جو سب قافلا
تو اوتری یہہ کہتی ہوی سب وہین ‏ ‏ ‏ کہ یہانسی نجاینگی آگی کہین
کئی نخل خرمہ تہی اوسکی قریب ‏ ‏ ‏ نہ تہا جنکو برسونسی پانی نصیب
چلی تہی خزان کی جو اونپر ہوا ‏ ‏ ‏ تو خشکیدہ وہ سرسی تہی تابہ پا
اونہین دیکہکر سب ہوی دل ملول ‏ ‏ ‏ نہ پتی تہی اونمین نہ پہل تہی نہ پہول

غرض یہہ برائی شہ بحر و بر | بچہایا گیا فرش زیر شجر
وہ حسن گل فاطمہ اور وہ فرش | کہ جس فرش سی خار کہاتا تہا عرش
زمین کہہ رہی تہی بصد انبساط | بساط سلیمانؑ کی ہی کیا بساط
جو نخل اور تہا اک قریب امام | بچہا فرش ابن زبیر اوس مقام
بچہونی پہ بیٹہا جو مرد دلیر | نظر اون درختون پہ کی تا بہ دیر
اودہر مسکرائی جناب حسنؑ | اودہر اوسکی لب پہ یہہ آیا سخن
خزان خشک کرتی نہ انکو اگر | ضرور ان درختون مین ہوتی ثمر
مین خرمی وہ کہاتا کہلاتا یہان | مگر امر فوری یہہ ممکن کہان
مخاطب ہوا نخل باغ رسولؑ | کہ حاجت روا ہم ہین کیون ہی ملول
جو خواہش تجہی ہو تو کیا ہی محال | وہ بولا کہ ہی دل کو رغبت کمال
اوٹہا کر سوئی چرخ دست طلب | دعا اک پڑہی سرورِ زہراؑ نی تب
کوئی شخص سمجہا نہ لفظ دعا | مگر شہ کا اعجاز ظاہر ہوا
ہوائی گرم کی جو جہونکی چلی | اوسی وقت وہ نخل پہولی پہلی
وہ جمال ہمراہ جو اوسکی تہا | خدا کی قسم کہائی اور یہہ کہا
کہونگا نہ اسکو کہ ہی معجزا | یہہ ہی سحر بی شبہ ای مجتبا

جواب اوسکو معجز نمائی دیا — کہ ای وای تجھپر یہہ جادو نہ تہا
خدانی دعا کی یہہ پیری قبول — کہ مین ہون جگر بند بنت رسول
رطب پہر درختون سی اتنی گری — کہ سب قافلہ کو کفایت ہوئی
غرض چند مردم مسلمان ہوی — زبیری وجمال مرتد رہی

معجزہ دیگر حضرت امام حسن علیہ السلام

لکہا ہی یہہ راوی نی قول امام — بارشاد صادق علیہ السلام
یہ شیعون نی حضرت سی اک دن کہا — کہ کہلتا نہین اسکا مطلب شہا
تحمل جو کرتی ہین آپ اسقدر — تو ہی ابن سفیانکا کیا شہ کو ڈر
جواب اسکا سب کو یہہ شہ نی دیا — وہ کرتا ہون مین جو ہی حکم خدا
خدا سی کرون مین ابہی جو دعا — اسی وقت ہوجائی مطلب مرا
بڑی ہین جو یہہ ملک شام وعراق — مین چاہون تو دونون مین ہو اتفاق
جو دیکہین تو ششدر رہین خاص وعام — ابہی دنکی ہو شب سحر کی ہو شام
مین چاہون تو ہو مرد عورت ابہی — مین چاہون تو عورت ہی مرد قوی
کوئی شخص باشندہ تہا شام کا — وہ اوسوقت صحبت مین موجود تہا
وہ کہنی لگا بی ادب نابکار — یقینی ہی حضرت کا اسپر مدار

ہوا ختم جس وقت اوسکا بیان
کئی اور مشرک ہی آئی وہان

دیا شہ نی اوس شخص کو یہہ جواب
کہ آتی نہین شرم اوبی حجاب

تو عورت ہی اور آگی بیٹھا کہان
کہ سب مرد بیٹھی ہوی ہین جہان

جو کی اوسنی خود اپنی اوپر نظر
تو دیکھا کہ بیشک ہی حال دگر

علامت جو پائی تو سوچا بغور
کہ ہی شبہ مین ساری عورت کی طور

یہہ اعجاز دیکھا تو مشرک وہ سب
مسلمان ہوئی پیش شاہ عرب

کہا شہ نی اوسی کہ اوٹھ یہانسی جا
چھپا اپنا مونہہ اوڑہ سر پہ ردا

وہ کر اب جو ہی عورتو نکا چلن
تیری زوجہ اب مرد ہی تو ہی زن

قرین تجسی ہوئیگی وہ وقت شب
کہ بیشک وہ عورت ہی نی مرد اب

رہیگا ابہی تو اسی حال مین
کہ فرزند پیدا ہو اس سال مین

مگر ہوگا خنثہ وہ تیرا پسر
خطا ایسی کیجو نہ بار دگر

کہا تہا جو حضرت نی واقع ہوا
پہر اون دونوں نی شہ سی آکر کہا

معاف اب ہو مولا ہماری خطا
برائی خدا یا امامؑ ہدا

اب ہم توبہ کرتی ہین پیش حضور
حقیقت مین ہمسی ہوا تہا قصور

شہ دین نی اونکی لئی کی دعا
جو پہلی تہا وہ حال اونکا ہوا

معجزہ دیگر جناب امام حسن علیہ السلام

یہہ لکھتا ہی اک راوی معتبر	بہ عنوان خوب اور بہت مختصر
امامت امام حسن کی تہی جب	برادر تہی دو اونکی یہہ ہین لقب
کہ تہا ایک کا نام عبد الاحد	اور اوس دوسریکا تہا عبد الصمد
غرض ابن سفیا انکی وہ دوست تہی	قصیدی تہی اوسکی ثنا مین کہی
لکہا ہی یہہ احوال اک روز کا	محبون مین حضرت کی اک شخص تہا
کسی سمت اکدن وہ مایل ہوا	کہ عبد الاحد وہان مقابل ہوا
ہوئی پیشواؤن کی خاطر نزاع	کسیکو پر اسکی نہ تہی اطلاع
یہہ عبد الاحد نی کہا عام ہی	امام زمان حاکم شام ہی
لگا کہنی تب عاشق پنجتن	کہ بیشک امام زمان ہین حسن
سوا انکی ہادی نہین ہی کوئی	کہ وہ ہین جگر بند بنت نبی
یہہ سبط نبی ہین یہہ ابن علی	یہہ معجز نما ہین وہ مرد شقی
ہوا گفتگو کو غرض طول جب	گئی دونو خدمت مین حضرت کی تب
یہہ حضرت سی عبد الاحد نی کہا	کہ ای سرو بستان خیر الوری
یہہ شیعہ تمہارا جو ہی تند خو	یہہ کہتا ہی بد حاکم شام کو

بیان کر چکا جب یہہ عبد الاحد — وہ جاہل لگا کہنی حضرت کو بد
محب جو کہ حضرت کی موجود تہے — اوسی قتل کرنیکو وہ سب اوٹہی
غرض صلح کی سب سی کہکر سخن — خود اوٹہہ کر گئی گہر مین شاہ زمن
نکل آئی جب صورت ماہتاب — تو اک قرص نقرہ لئی تہی جناب
یہہ ارشاد عبد الاحد سی کیا — کہ لیجا اسی آج اور کل بہی آ
یہی کل بہی کہنا کہا ہی جو آج — مین اک قرص پہر دونگا بی احتیاج
یونہین روز آنا اب اکبار تو — اسی ترک کرنا نہ زنہار تو
یہہ حضرت کا خلق حسن دیکہکر — اوسی دم گیا وہانسی وہ اپنی گہر
غرض داخل خانہ جب وہ ہوا — تو یہہ کام اوسوقت اوسنی کیا
بلایا عزیزون کو احباب کو — وہ آئی تو اونسی کہا سب سنو
قریب آگئی بیٹہی جو اہل و عیال — کہا سب سے حضرت کا اوسنی وہ حال
جواب اوسکو اوسدم یہہ سب نے دیا — کہ تونی اونہین کلمۂ بد کہا
عوض اوسکا حضرت نے پہر یہہ کیا — کہ تجکو کیا قرص نقرہ عطا
یقین دل کو اپنی یہہ اب ہوگیا — کہ برحق وہی ہین امام ہدا
ہوا گہر سی عبد الاحد پہر رواں — معہ خویش و احباب و ہمسایگان

وہ پہنچا جو اس طرح حضرت کی پاس ۔ لکہا ہی کہ سب مرد و زن تہی پچاس
غرض چوم کر دست و پائی امامؑ ۔ ہوی دل سی حضرت کی شیعہ تمام
سُنا جبکہ عبد الصمد نی یہہ چال ۔ کیا بہائی پر اوسنی غصہ کمال
لگا کہنی بہائی سی باصد عتاب ۔ کیا دین آبائی تو نی خراب
یہہ چاہا کہ راحت ملی کم اسی ۔ مین پہنچاؤن ایذا اسی دم اسی
کیا قتل کا قصد ظالم نی جب ۔ وہ اوٹہی جو ساتہہ اوسکی شیعہ تہی سب
بچا قدرتِ حق سی عبد الاحد ۔ لگا ہاتہہ شیعون کی عبد الصمد
ہوئی جبکہ فرصت زد و کوب سی ۔ کیا قید لیجا کی گھر مین اوسی
ہوا قید جسوقت عبد الصمد ۔ تو کہتا تہا حضرت کو ملعون بد
سنو حال یہہ دوسری روز کا ۔ لعینون نی اک جا یہہ مجمع کیا
ملازم تہی وہ حاکم شام کی ۔ لکہا ہی کہ سب اغر فوج تہی
کیا سب نی آپس مین یہہ مشورا ۔ کہ دونو کا اب کیجئی فیصلا
تو کچہہ لوگ صحبت سی اوس دم اوٹہی ۔ غرض گہر یہہ عبد الصمد کی گئی
درِ خانہ کہولا تو دیکہا کہ واہ ۔ ہوا ہی وہ ملعون خرس سیاہ
وہ جسوقت سب پہر کی آئی دہان ۔ کیا حال اوس روسیاہ کا بیان

یعنی بنی امیا

تعجب کیا سنکی اور سب اونہی ‏ ‏ اوسیوقت سب اوسکی گہر پر گئی
وہان جاکی پہنچی جو سب کینہ خواہ ‏ ‏ یہہ دیکہا کہ بیشک ہی خرس سیاہ
یہہ بین بینی و گوش انسان کی ‏ ‏ کہ جو دیکہی اوسکو وہ پہچان لی
خلیفہ کو یہہ حال سب نی لکہا ‏ ‏ اور اک نامہ بر کو روانہ کیا
غرض نامہ پہنچا خلیفہ کی پاس ‏ ‏ وہ پڑہتی اوسکی ہوا بی ہواس
جواب اوسکا اوسنی لکہا یہہ اوہر ‏ ‏ جلادو اوسی آگ مین سر بسر
پر اسکا رہی سبکو باہم خیال ‏ ‏ کہ ظاہر نہووی کسی پر یہہ حال
خلایق سی ہی خوف مجکو زیاد ‏ ‏ حسنؑ کا زیادہ ہوا اعتقاد
ابہی حکم آیا نہ تہا شام سی ‏ ‏ کہ اس واقعہ سی جو آگاہ تہی
وہ پہلی ہی شیعہ ہوی تہی تمام ‏ ‏ لکہا ہی کہ سنو تہی وہ سب نیکنام

معجزات جناب امام حسین علیہ السلام

یہہ موزون جو کرتا ہون اب معجزا ‏ ‏ ہی اس طرح راوی نی اسکو لکہا
یہہ کرتی ہتی ارشاد زین العبادؑ ‏ ‏ کہ اک دن حضور شہ خوش نہاد
بجس اک عرب آکی وارد ہوا ‏ ‏ برای ملاقات شاہ ہدا
جدا ہوکی زوجہ سی پر وہ عرب ‏ ‏ یونہین آیا بی غسل وہ بی ادب

یہہ مطلب تہا اس طرح آئی ہی یہان
امامت کا حضرت کی ہو امتحان

اوسی دیکہتی ہی شہ مشرقین
دل و جان حیدرؑ امام حسینؑ

یہہ کہنی لگی یا اخا العرب
نہین شرم تجکو مجہی ہی عجب

کہ اس حال سی تو ہی آیا یہان
کہا اوسنی کیا ہی وہ کیجی بیان

کہا شہ نی بی غسل اور بی وضو
بہم ہوکی زوجہ سی آیا ہی تو

جنب مین تو وارد ہوا اس مقام
عمر نی یہہ سنکر کہا یا امامؑ

جو مطلب تہا میرا نمایان ہوا
غرض پڑہ کی کلمہ مسلمان ہوا

معجزہ دیگر جناب امام حسین علیہ السلام

لکہا ہی سوی شام شمرؔ و عمرؔ
لئی جاتی تہی سب شہیدونکی سر

ہوا ایک قریہ مین ناگہہ گذر
کہ حیران کہتی تہی اوسکو بشر

یہودی ہی تہا ایک ساکن وہان
کسی ٹیکری پر تہا اوسکا مکان

کسینی یہہ دی جاکی اوسکو خبر
کہ آئی ہین بستی مین کچہہ آج سر

سر دونکی ہی ہمراہ لشکر بڑا
یہہ سنتی ہی وہ اپنی گہر سی چلا

وہان جاکی دیکہی شہیدونکی سر
پڑی شہ کی سر پر جو اوسکی نظر

تو دیکہا کہ ہلتی ہین اوس سر کی لب
ہوا دیکہکر سخت اوسکو عجب

غرض قرب سر جا کی اوسنی سنا | کہ ہی ایک آیہ وہ سر پڑہ رہا
لگا پوچہنی پہر وہ ہر ایک سی | یہہ کسکا ہی سر تم بتاؤ مجہی
اوسی اہل لشکر نی دی یہہ خبر | کہ ہی یہہ حسینؑ ابن حیدرؑ کا سر
وہ بولا کہ نام پدر تو سنا | بتاؤ کہ ہی نام مادر کا کیا
تو یہہ سنکی تب سی سب نی کہا | وہ ہی فاطمہؑ بنت خیر الوریٰ
اسیرونکی ہمراہ آیا ہی جو | یہہ عابدؑ ہی ابن شہ نیک خو
یہودی نی یہہ سنکی دل مین کہا | کہ برحق ہی دین اسکی مان باپ کا
ہنوتا یہہ دین انکا برحق اگر | تو قران نہ پڑہتا بریدہ یہہ سر
شہادت کا کلمہ پہر اوسنی پڑہا | عمامہ کیا اپنی سر سی جدا
کیا ساری کپڑون کو پہر چاک چاک | اوڑانی لگا سر پہ اپنی وہ خاک
منگائی وہین اوسنی با چشم نم | عباؤ قبا اور دینار و درم
غرض خادمونسی پہر اوسنی کہا | وہ جاتی ہین آگی امام ہدا
ولی خدا ہین یہہ والا نہاد | کہ نام مبارک ہی زین العبادؑ
یہہ اسباب لیجاکی تم اونکو دو | میری سمت سی پہر گذارش کرو
کہ ای رہبر دین امام ہدا | اسی صرف کیجی برای خدا

موکل

سو کل سر دنکی جو ہمراہ تہی ۔ وہ سب ملکی یحیٰ سی کہنی لگی

یہہ کرتا ہی کیا ہیچتا ہی یہہ کیا ۔ تجہی ڈر نہین حاکم شام کا

خلیفہ کی دشمن ہین یہہ سب اسیر ۔ تو دیتا ہی انکو یہہ مال کثیر

اسیر ولنسی اب جلد ہو تو جدا ۔ نہین سر جدا ہوگا تن سی ترا

یہہ سنکر رہی پہر نہ یحیٰ کو تاب ۔ کیا خادمون سی یہہ اپنی خطاب

مجہی ایک تلوار لا دو ابہی ۔ ہوس ان لعینو نسی ہی جنگ کی

غرض لیکی تلوار یحیٰ بڑہا ۔ پی جنگ تکبیر کہتا بڑہا

لڑائی تہی اوسکی عجب ڈہنگ کی ۔ لعین تاب لائی نہ اوس جنگ کی

بہر جاکہ شمشیر او کار کرد ۔ یکی را دو کرد و دو را چار کرد

یکی را حمایل یکی را ببر ۔ یکی را بہ پشت و یکی را کمر

جب اس طرحکی جنگ بیخوف و باک ۔ کیا چند شخصون کو اوسنی ہلاک

شہادت سی فایز وہ آخر ہوا ۔ گیا ملک فانی سی ملک بقا

ہوا کیا ہی انجام اوسکا سعید ۔ ہی مشہور سب مین وہ یحیٰ شہید

معجزہ کہ بہ کربلای معلی در روضہ منورہ جناب امام حسینؑ شدہ است

ہوا ہی یہہ اعجاز اس سال مین ۔ کہی مثنوی مین جس سال مین

سُن معجزہ اب سنین ماہ وش — ہزار و دو صد اور ہشتاد و شش
۱۲۸۶

وہ اعجاز کرتا ہون اب مین بیان — کہ جو کربلا مین ہوا ہی عیان

مجھی تو میری دوستانی ہی لکھا — مگر ہی یہہ اخبار مین بھی چھپا

نظام ایک عہدہ مین سردار تھا — سیہ دل تھا غدار و مکار تھا

غرض معرکہ ہی یہہ اک روز کا — کہ روضی مین حضرت کی وہ بی حیا

چلا تیغ باندہی ہوی ایکبار — گیا کچھہ نہ خوف شہ ذو الفقار

اوسی کفش بردار مانع ہوا — کہ تلوار باندہی حرم مین نجا

یہہ روضہ ہی ای شخص جنت کا رشک — چہڑکتی ہین اس جا ملک اپنی اشک

زہی اوج ایوان گردون جناب — زمین پر ہے عرش برین کا جواب

در ابن حیدر ہی عالم پناہ — سرافیل و جبرئیل کی سجدہ گاہ

خلاف ادب ہی یہہ جانا ترا — یہان تیغ رکہدی تو روضہ مین جا

شقی نی دیا یہہ جواب قبیح — اسی طرح جاؤنگا پیش ضریح

رہیگی یہہ تلوار زیب کمر — نجس ہی مین ہون آج ای بی خبر

یہہ جانا تو ہی مجکو اب فرض عین — مین دیکھون مرا کیا ہین کرتی حسینؑ

یہہ سنتی ہی ساکت ہو کفش دار — بڑہا آگی یہہ کہکی وہ نابکار

غرض پہلی درسی گذر کر لعین — گیا جلد باب دوم کی قرین
بڑہا پہر نہ آگی وہانسی قدم — ہوا ظاہر اعجاز شاہِ امم
بیک گردش چرخ نیلوفری — رہا آپ باقی نہ وہ خودسری
طمانچہ غضب کا جو منہ پر لگا — سوئی پشت نخس اوسکا رخ پہر گیا
شقی پر یہہ گذرا عجب سانحا — کہ جو کچہہ تہا آگی وہ پیچہی ہوا
طمانچہ تہا وہ یا پیام قضا — لعین چرخ کہاکر زمین پر گرا
جو وارث ہی حیدر کی شمشیر کا — طمانچہ پڑا موہنہ پہ اوس شریر کا
گئی خادمِ شاہ وہان دوڑ کر — اوٹہاکر اوسی لائی بیرون در
زبس منقلب تہا ئرخ بی ادب — تو تہی لوگ اوسکی پس پشت سب
یہہ پوچہا سبہون نی تجہی کیا ہوا — شقی خادمون سی یہہ کہنی لگا
مین برگشتہ بخت اسکا کیا دون جواب — نہ دیکہا تہا ایسا کبہی انقلاب
مری منہہ پہ اک سیلی ایسی لگی — کہ صدمی سی جسکی یہہ صورت ہوی
حقیقت مین یہہ ہی کہ بیشک و ریب — بشر کا نہ تہا ہاتہہ تہا دست غیب
مجہی لیچلو جلد حمام مین — یہہ عجلت ہو سرگرم اس کام مین
خبر کرکی حاکم کو خدام سب — اوسی لی گئی سوئی حمام سب

کراتی مین حاکم بہی آیا وہان — کیا سب نی وہ حال اوسی بیان
سنا جب کہ حاکم نی یہہ ماجرا — بلاکر حکیمون کو اوسنی کہا
کرو تم علاج اسکا ایسا ابہی — کہ ہووی درست اسکا چہرا ابہی
حکیمون نی حاکم سی تقریر کی — علاج اسکا ہمسی نہو کا کبہی
علاج اوسکا حاکم نی پہر یہہ کیا — کہ رستی مین بند ہوا کی اوسکا گلا
کہا بعد اوسکی یہہ خدام سی — کہ روضہ مین لیجا کی عباسؑ کے
ضریح مبارک مین تم باندہ دو — مقدر مین اسکی جو کچہہ ہی وہ ہو
عجب کیا بحل ہو جو اسکی خطا — کہ عباس ہین ابن مشکل کشا
در فیض ہی در علمدار کا — فرشتون کو ہی فخر دربار کا
نہی مرقد شیر ضرغام حق — جگر جسکی ہیبت سی ہوتی ہین شق
بہ آداب مجرمکو جب آتی ہین — قدم سر درونکی بہی تہراتی ہین
یہہ سنتی ہی خدام شاہ زمان — اوسی لیکی ہمراہ آئی وہان
غرض داخل روضہ جسدم ہوے — ضریح مقدس مین باندہا اوسی
رہا پہر بڑی دیر تک وہ بندہا — مگر فایدہ کچہہ نہ اوسکو ہوا
ضریح مبارک سی پہر کہول کر — اوسی لیگئی وہانسی پہر اوسکی گہر

پہنچتی

پہنچتی ہی اک بم مین فی النار تہا ۔ کہ دوزخ ہی کی وہ سزاوار تہا

ہی قول امیر اس جگہہ بی ریا ۔ کہ ہی شہ کا یہہ معجزا دوسرا

رعایا کو پہر حکم اوسنی دیا ۔ کہ ہو کربلا آج عشرت فزا

خوشی معجزی کی کرین تین دن ۔ زن ومرد اور سب جوان ومُسِن

ہوی شاد سب ساکن کربلا ۔ کیا جشن ہر شخص نی برملا

سلامی کی توپین جو چہٹنی لگین ۔ تو ہلتی لگی کربلا کی زمین

ہر اک سمت مسرور تہی خاص وعام ۔ مبارک سلامت کی تہی دہوم دہام

ہوا غم ہر اک دل سی برخاستہ ۔ دوکانین ہوئین خوب آراستہ

دوکانون کی رونق کرون کیا رقم ۔ ورق تہی مرقع کی گویا بہم

وہ صراف اور وہ خریدار جمع ۔ کہ پروانی ہون جسطرح گرد شمع

کہون کیا جواہر فروشونکی شان ۔ کہ کان جواہر تہی ہر اک دوکان

کرین وجد دیکہین اگر خاص وعام ۔ دُر و لعل والماس و نیلم تمام

وہ بزاز اور وہ دوکانونکی زیب ۔ ہر اک پارچہ دلکش ودلفریب

وہ سنجاب قاقم ذالوان دلُوم ۔ وہ سندس وصوف اور وہ دیبای روم

سمان طرفہ ہردم تہا بازار مین ۔ گلستان کا عالم تہا بازار مین

کسی سمت پہولونکی تہین جہڑیان
کسی سمت میوونکی تہین ڈالیان

رطب اور انگور و سیب و انار
کرون خوبیان اونکی کیا آشکار

نزاکت کی باعث افسردہ تہی
تصور سی کہانیکی پژمردہ تہی

وہ دیندار و ابرار غلہ فروش
نمازی و دریا دل و اہل ہوش

مصفا دوکانونکو کہولی ہوی
کرم پر انکا ہونکو تولی ہوی

مکان سب نئی رنگین کئی برمحل
کہین جہاڑ تہی اور کہین تہی کنول

جلی ہر طرف وہان چراغ طرب
ہوی شہر مین روشنی تین شب

عجب عید تہی اور خوشی تہی عجب
گلی لوگ ملتی تہی ہنس ہنس کی سب

خوشی کیا کہون اہل ایران کی
حقیقت مین ہین جان ایمان کی

سب آپس مین کہتی تہی شہ کی فدا
لعین کو ملی سرکشی کی سزا

یہہ خدام درگاہ مین تہی پکار
کہ مولا تری معجزی کی نثار

معجزات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

یہہ اعجاز لکہتی ہین خوش اعتقاد
کہ بیٹہی تہی مجمع مین زین العباد

معاند بہی حاضر تہی اور دوست بہی
کہ اک ہرنی صحرا سی وارد ہوی

نہایت پریشان اور بی ہواس
کہڑی ہوگئی آکی حضرت کی پاس

زمین پہ تڑپ کر وہ ناشاد کام
لگی چومنے دست و پائے امامؑ

پہر اپنی زبان مین کچھہ اوسنے کہا
سوا شہ کے کوئی نہ سمجھا ذرا

کئی دوستون نے یہہ شہ سے کہا
کہ یا شاہ ہرنی یہہ کہتی ہے کیا

جواب اسکا شہ نے یہہ اونکو دیا
کہ صیاد بچہ پکڑ لے گیا

یہہ چاہا تہا کل اسنے دے اوسکو شیر
جدا ہو گیا بس وہ ہوکر اسیر

تو مطلب یہہ اسکا ہے فریاد سے
کہ بچہ دلا دون مین صیاد سے

سنا یہہ تو حیران ہوئے خاص و عام
ہوا تب یہہ حکم امام انامؑ

کہ صیاد کے گھر یہہ جائے کوئی
مرے پاس جلد اوسکو لائے کوئی

غرض جب کہ صیاد حاضر ہوا
یہہ کہنے لگے اوسسے شاہ ہُدا

وہ بچہ جو کل تو پکڑ لے گیا
تو ہے آج ہرنی کا یہہ مدعا

مین اوس بچہ کو تجہسے اسوقت لون
اسے دودہ اوسکی پلانیکو دون

جو ہین دودہ سے پیٹ اوسکا بہرے
وہ بچہ تجہے پہر یہہ واپس کرے

یہہ سنتے ہی قدمونپہ بوسہ دیا
وہین لاکے بچے کو حاضر کیا

وہ ہرنی تہی الفت مین اوسکی اسیر
پلانے لگی رو کے بچے کو شیر

وہ روئے جو منہ دیکہکر شاہ کا
مین قربان حضرت کو رحم آگیا

کہا اشک بھر کر یہہ صیاد سی
کہ لی قیمت اور مجکو بچہ یہہ دی

یہہ صیاد نی عرض اوسدم کیا
یہ ہین بچہ یہہ شہ کو مینی دیا

یہہ ہرنی سی اوسوقت شہ نی کہا
کہ بچہ کو لی اور صحرا کو جا

غرض لیکی بچی کو باصد خوشی
سوئی دشت ہرنی روانہ ہوئی

مگر راہ مین وہ یہہ کہتی چلی
کہ برحق امام زمان ہین علیؑ

جو دشمن کہ اوسوقت موجود تہی
وہ سب دل سی حضرت کی شیعہ ہوئی

معجزہ دیگر حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

روایت یہہ کرتی ہین عاصم رقم
کہ ہم اور سلیمان خالد بہم

کہین شہ کی ہمراہ جاتی تہی ہم
کہ ناگاہ دو شخص آئی بہم

تو اوسوقت کہنی لگی ہمسی شاہ
کہ دونو یہہ ہین چور بی اشتباہ

گرفتار انکو کرو برملا
مگر انسی ہونا نہ غافل ذرا

قرین وہانسی اک کوہ تہا اوس مقام
سلیمان سی شہ نی کیا یہہ کلام

کہ اس کوہ پر دو ہین کیسی بڑی
پڑا زر زمین اور سو یہہ اونکی بندہی

یہانسی اب اس کوہ پر جاؤ تم
میری پاس کیسونکو لی آؤ تم

یہہ سنتی ہی حکم شہ نامور
گئی یہہ سلیمان اوس کوہ پر

وہ کیسو نکو جس وقت لائی وہان ۔ گئی پہر مدینہ مین شاہ زمان
غرض جب مدینہ مین داخل ہوئی ۔ تو ہم اور سلیمان ہمراہ تہی
یہہ احوال حاکم نی جسدم سنا ۔ تو چورونکو پاس اپنی بلوالیا
ملازم اونہین لیگئی ہاتہون ہاتہہ ۔ وہ کیسی بہی دونو گئی اونکی ساتہہ
ہوی جب وہ حاضر تو پہر یہہ کیا ۔ سکنجی مین دونو کو کہنچوا دیا
تو اوسوقت حاکم سی شہ نی کہا ۔ سکنجی سی چورونکو کردی رہا
وہان اک کیسی کا مالک جو تہا ۔ تو مال اوسکا شہ نی اوسی دیدیا
اوسی کیسہ دیکر یہہ شہ نی کہا ۔ کہ یہہ ایک کیسہ جو باقی رہا
سنو اسکی مالک کا تم یہہ پتا ۔ کہ وہ تین دن بعد اب آئیگا
پہر اک چور کا ہاتہہ کاٹا گیا ۔ تو اوس چور نی یہہ کہا برملا
نہین ہاتہہ کٹنی کا کچہہ مجکو غم ۔ کہ کاٹا گیا پیش شاہ امم
تصدق سے شہ کی یہہ جہگڑا مٹا ۔ ملی گی نہ محشر مین اسکی سزا
سوا اسکی چوری کی توبہ بہی کی ۔ خطا اب یہہ مجسی ہنوگی کبہی
سنا یہہ تو حضرت نی اوسی کہا ۔ تو بہی اہل جنت سی ای باوفا
نہ مغموم ہو اب کہ توبہ کی ساتہہ ۔ وہ جنت مین پہنچا کٹا تہا جو ہاتہہ

غرض تیسرے دن وہ وارد ہوا — کہ تہا دوسرا ایک جس شخص کا

اوسی وقت حاکم نی پہر شہر کے — حضوری مین حضرت کی بہیجا اوسی

وہ جب شہ کی خدمت مین حاضر ہوا — اوسی کیسہ دیگر یہہ شہ نی کہا

تو یہہ چاہتا ہی خبر اسکی دون — کہ اس کیسہ مین کیا ہی تجہسی کہون

یہہ کی عرض اوسنی کہ شاہ ہدا — یہہ فرمائین مجہسی ہی کیسہ مین کیا

یہہ فرمایا حضرت نی تب ایکبار — ہین دینار اس کیسہ مین دو ہزار

مگر نصف تیری ہین نصف اور کی — ابہی وہ بہی آتا ہی پیچہی تری

محمد ہی نام اوسکا دیندار ہی — سخی ہی نمازی ہی ابرار ہی

جو مالک کہ اوسوقت موجود تہا — لکہا ہی نصارا تہا وہ قوم کا

یہہ اعجاز جب شہ سی ظاہر ہوا — تو حضرت سی اوس شخص نی یہہ کہا

مین ایمان لایا اوس اللہ کا — کہ یکتا ہی جو اور ہی واحد خدا

محمدؐ مین بی شک رسول خداؐ — وصی آپ ہین اور امام ہدا

اسی ذکر مین وہ بہی حاضر ہوا — وہ جو صاحب کیسہ تہا دوسرا

غرض دونو رخصت ہوی شاد شاد — برآئی جو تہی اونکی دل کی مراد

معجزہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

زمانہ لکھا ہی اس اعجاز کا ۔ کہ عبد الملک حاکم شام تہا
مدینہ کی حاکم کو اوسنی لکھا ۔ نہو فرق اس حکم مین اب ذرا
ہین نسل علی سی وہان اک امام ۔ محمد ہین باقر علیہ السلام
اونہین تو میری پاس اب بہیجدی ۔ کہ کار ضروری ہی اون سی مجہی
مدینی مین جب آئی تحریر شام ۔ تو حاکم نی حضرت کو بہیجا پیام
یہان سی سوئی شام اب جائین آپ ۔ نہ تاخیر کچہہ اسمین فرمائین آپ
تامل مناسب نہین اسمین اب ۔ کہ عبد الملک نی کیا ہی طلب
یہہ پیغام سنکر شہ بحر و بر ۔ ہوی آپ آمادہ بہر سفر
چلی جب مدینہ سی شاہ انام ۔ ہوی ساتہہ صادق علیہ السلام
نہین کذب صادق ہی سب یہ کلام ۔ کہ کم سن تہی صادق علیہ السلام
غرض چندروز مین وہان پہنچی شاہ ۔ کہ اک گاؤن ملتا ہی مابین راہ
شعیب اک پیمبر تہی فرخندہ خو ۔ اونہون نی بسایا تہا اس گاؤن کو
وہان دیکہا حضرت نی یہہ ماجرا ۔ کہ اوس گاؤن مین اک بڑا دیر تہا
ہجوم خلایق سوئی دیر ہی ۔ نئی لوگ ہین اور نئی سیر ہی
یہہ احوال پہر شہ پہ ظاہر ہوا ۔ کہ راہب ہی یہان اک بڑا پارسا

وہ بعد اک برس کی جو آتا ہی یہان — مسائل سبہون کو بتاتا ہی یہان

گئی پہر تو حضرت بہی اوس دیر مین — قدم شہ نی رکہا رہی خیر مین

ہوئی جلوہ فرما جو شاہ ہدا — یہہ دیکہا کہ ہی جمع خلق خدا

تکلف کی پوشاک پہنی ہوئی — ہین خاموش سب لوگ بیٹہی ہوئی

اور اوس دیر مین ہی بلند اکجا — اور اوس پہ ہی اک پیر بیٹہا ہوا

کہون کیا ضعیفی کا مین اوسکی حال — نہایت مسن ہی وہ فرخندہ فال

بڑہی ابروؤنکی ہین بال اسقدر — کہ ہو جسکی تشبیہ دشوار تر

کہا دل نی تب کہاکی یون پیچ و تاب — کہ آنکہون پہ تہی وہ سفید اک نقاب

نظر اوسکی جب شہ کی اوپر پڑی — تو یہہ بات حضرت سی اوسنی کہی

کہ بیگانی ہین آپ یا آشنا — نہین ہون مین تم مین سی شہ نی کہا

وہ بولا ہین مرحوم است جناب — نہین جاہیلونسی دیا یہہ جواب

غرض پہر یہہ حضرت سی اوسنی کہا — کہ اسوقت دل چاہتا ہی مرا

بتاؤ مجہی تم کرون جو خطاب — دیا یہہ کہ تم پوچہو مین دون جواب

یہہ اوسوقت بولی شہ نامدار — کہ اس امر مین ہی تجہی اختیار

کیا شہ سی راہب نی تب یہہ کلام — شجر اک ہی جنت مین طوبیٰ ہی نام

یہان تک تو ہم سب ہین بالاتفاق — مگر ہان یہہ بیشک بڑا ہی نفاق
یہہ ہم لوگ کہتی ہین باہمدگر — کہ ہی اصل طوبی کی عیسی کی گھر
تمہارا عقیدہ ہی یہہ بہہ ملا — محمد کی گھر ہی اوسکی بنا
تو جنت مین گہر کوئی ایسا نہین — کہ جس گھر مین اک شاخ طوبی نہین
اور اوس پر نہین اصل کو کچہہ زوال — کہو کیا ہی دنیا مین اوسکی مثال
کہا سنکی حضرت نی اوسکا سوال — کتابین خدا کی ہین اوسکی مثال
ہر اک شخص کو اونسی ہی فایدا — کمی اونمین ہوتی نہین اک ذرا
کہا تب یہہ راہب نی یہہ تو سنا — نظیر اسکی دنیا مین ہونا چاہتا
ہمارا تمہارا ہی قول اک زبان — تصرف مین لائینگی اہل جہان
ثمر ہای فردوس آب بہشت — طعام بہشت اور شراب بہشت
یہی اکل و شرب اونکا ہوگا سدا — مگر بول و غایط نہوگا ذرا
جواب اسکا تب شہ نی اوسکو دیا — نظیر اوسکی یہان ہی زن حاملا
حمل تک ہی ماں کی جو آب و غذا — اوسی مین سی حصہ ہی اوس طفل کا
پر اوسکو نہین بول و غایط ذرا — کہا سنکی راہب نی ہان سچ کہا
کہا پہر کہ اب ہی یہہ میرا بیان — ہی کس شی کی بولو کلید جنان

طلا ہی کہ نقرہ بتاؤ مجھی　　تو فرمایا راہب سی تب شاہ نی
یہہ سن گوش دل سی تو میرا بیان　　نہین انمین سی ہی کلید جنان
زبان بلکہ مومن کی ہی وہ کلید　　مگر جسمی توحید حق ہی پدید
زبان جب کہ کرتی ہی حمد خدا　　تو وا اوسی ہوتا ہی در خلد کا
کہا اوسنی یہہ ہی بجا سب کہا　　مین ہون اور اک مسئلہ پوچھتا
وہ کرتا ہون اسوقت تمسی خطاب　　کہ ممکن نہو تمسی جسکا جواب
یہہ راہب نی جسوقت شہ سی کہا　　تو کہنی لگی اوسی شاہ ہدا
جواب اوسکا دلخواہ جب پائیگا　　بتادین احمدؐ مین تو آی گا
یہہ ارشاد حضرت جب اوسنی سنا　　کیا یہہ قبول اور کہنی لگا
بتاؤ یہہ مجکو ہی کیا ماجرا　　کہ دو بہائی تہی اونکو عرصہ ہوا
وہ اک رات اک ماںسی پیدا ہوی　　اور اک روز دنیا مین دونو مری
مگر ایک تہا اونمین سو سال کا　　دو صد سالہ تہا اک عجب کی ہی جا
ہوا ختم راہب کا جسدم بیان　　مخاطب ہوی اوسنی شاہ زمان
یہہ کہنی لگی تب شہ بی نظیر　　تہی وہ دونو بہائی عزیر و عزیز
کہ اک روز دونو کی خلقت ہوی　　اور اک روز دنیا سی رحلت ہوی

رقم یہان مین کرتا ہون حال عزیر ہوا خوب کیسا مآل عزیر
خدا کی جو اوسپر عنایت ہوی پیمبر بنی وہ نبوت ہوی
یہہ فرمایا حضرت نے پہر اونکا حال کہ گذرا جو کچہہ بعد پنجاہ سال
کیا یہہ بہی حضرت نے پہر ذکر خیر کہ اک دِہ مین پہنچی جو اکدن عزیر
مگر اوس مین یہہ تہی خرابی بڑی کہ تہا اہل دِہ سی نہ زندہ کوئی
اوسی دِہ مین اک سمت اک باغ تہا کہ میوی تہی سب اوسکی خوش فی القا
غرض بیٹہہ کر سایہ مین نخل کی تناول کی تہی جو میوی لگی
لیا دوہانسی پہر شیرہ انگور کا اور اک کیسہ مین لیکی اوسکو رکہا
سبد مین رکہی میوی کچہہ توڑ کر لی خواب پہر لیٹی زیر شجر
اور اکثر یہہ رہتا تہا اونکو خیال کہ ہو حشر اور نشر مین کیا مآل
پہر اوس وقت یہہ فکر کرنی لگی کہ ہون اہل دِہ زندہ خالق کری
ہوی روح قبض اونکی اوسدم وہین بحکم خداوند جان آفرین
چہپی سبکی نظرون سی پہر اونکی لاش نپائین کرین جانور گر تلاش
ہو لحم نبی پاک لحم امام ہوا ہی ہر اک جانور پر حرام
ہوا پہر تو مرکب بہی اونکا ہلاک رہی اوسکی بہی لاش بالائی خاک

شراب و طعام اونکا ایسا رہا | کہ سو سال تک سب وہ تازہ ر
ہوا بعد عرصہ کی یہہ ماجرا | دوبارہ پہر آباد وہ دہ ہو
غرض بعد صد سال مشتاق خیر | ہوی داخل جسم روح عزیز
تو پہر اک فرشتہ بحکم خدا | لگا پوچھنی اونسی یہہ برملا
کہ سوکر جو اوٹھی ہو تم اب یہان | تو سوئی ہو کتنا کرو کچھہ بیا
کہا سنکی اوسدم یہہ اوسکا سوال | کہ سویا تہا مین قبل وقت زوا
کہان تک کرون اب مین زاید کلام | بس اتنا مین سویا کہ دن ہی تمام
فرشتہ نی یہہ سنکی یہہ اونسی کہا | کہ تم سو برس سوئی کہتی ہو کیا
اگر ہو نہ باور یہہ میرا بیان | تو مرکب کی دیکہو تم اب استخوان
غرض دیکہی مرکب کی جب استخوان | تو بوسیدہ پائی وہ سب استخوان
یقین پہر فرشتہ کا کہنا ہوا | کہ اتنی مین مرکب بہی زندہ ہوا
تو بعد اوسکی پہر یہہ اونہون نی کہا | کہ ہر شی پہ قادر ہی رب
وہ پہر اپنی مرکب پہ ہوکر سوار | وطن مین گئی وہانسی باصد وقا
تو وہ دونو بہائی عزیز و عزیز | لگی ملکی رہنی کہ تہی وہ نہ غیر
ہوا پہر یہہ دونو کا آخر مآل | ہوی زندگی اور پنجاہ سال

پہا

یہانتکی ہوا ختم اب اُونکا حال — کہ دونونی اک دن کیا انتقال
ہوا ختم جسوقت شہ کا سخن — تہی بیہوش گویا وہ سب انجمن
سب آپسمین کہتی تہے صلّ علیٰ — یہہ بندہ ہی مقبول اللہ کا
ہوا اس سخن کا جو سب کو یقین — گئی اپنی منزل پہ پہر شاہ دین
ہوا تہوڑی عرصہ مین یہہ ماجرا — کہ کچہہ لوگون نی آکی شہ سی کہا
ہی راہب نی حضرت کو بہیجا پیام — قدم رنجہ فرمائین شاہ انام
کہا شہ نی کچہہ مجکو حاجت نہین — اوسی کام ہی تو وہ آئی یہین
غرض سنکی وہ لوگ شہ کا بیان — گئی اور راہب کو لی آئی وہان
تو آتی ہی راہب نی شہ سی کہا — محمد ہو تم یا امام ہدا
جواب اسکا راہب کو شہ نی دیا — مین ہون ابن بنت رسول خدا
کہا اوسنی بتلاؤ مادر کا نام — کہا فاطمہ بنت خیر الانام
کہا اوسنی بتلاؤ اسم پدر — کہا مین علی خویش خیر البشر
کہا اوسنی تم ہو اونہین کی پسر — یہہ فرمایا شہ نی یہی ہین پدر
کہا یہہ ہی کہدو تو ہو مجکو چین — ہو ابن حسن یا کہ ابن حسین
یہہ کہنی لگی تب شہ مشرقین — کہ ای پارسا مین ہون ابن حسین
تو یہہ سنکی راہب نی شہ سی کہا — گواہی یہہ دیتا ہون مین برملا

خدا ایک جو ہی خدا ہی وہی — محمد ہین بیشک خدا کی نبی
اور اونکی وصی آپ لاریب ہین — ہی سب حق یہہ جو کچہہ کہ کہتا ہون مین
غرض اوسکی ہمراہ جو لوگ تہی — اوسی وقت وہ بہی مسلمان ہوی
تصدق مین حضرت کی اعجاز کی — کہ سب اہل قریا مسلمان ہوی
مٹا کفر کا سب کی خاطر سی عشق — روانہ ہوی شہ وہانسی دمشق
ہوی داخل شام جسدم حضور — چلا گہر سی عبد الملک بی شعور
وہ جب پیشوائی کو گہر سی چلا — گروہ ارا کین بہی ہمراہ تہا
مشرف وہ حضرت سی جسدم ہوا — بہ تعظیم و تکریم لیکر پہرا
تو اوس گہر مین حضرت کو وہ لیگیا — کہ تہا تخت شاہی جہان پر رکہا
ہوی شاہ جب تخت پر جلوہ گر — تو وہ خود بہی بیٹہا اوسی تخت پر
یمین کی طرف تہی شہ نامدار — اوسی اورنگ پر تہا وہ سوی یسار
مخاطب ہوا شہ سی اور یہہ کہا — کہ ہین مسئلی مجکو کچہہ پوچہنا
بیان پہر کئی اوسنی وہ مسئلی — کہ اوس پر جو کچہہ سخت و دشوار تہی
جواب اونکا پایا تو پہر یہہ کہا — کہ ہی مشکل اب اک اور یہہ مسئلا
کہ عالم ہماری نہین جانتی — اوسی بہی اسی وقت حل کیجی

ہی یہہ مسئلہ یا اسام انام
جو امت کری قتل اپنا امام

امام ایسا ہو وہ زمانی سی خوب
کہ طاعت ہو امت پہ اوسکی وجوب

تو اس عرض سے ہی یہہ مطلب مرا
خدا اوسکو عبرت دیکھائیگا کیا

عرض سنکی حضرت نی یہہ مسئلہ
جواب اسکا عبدالملک کو دیا

کہ امت سی جب ہو گی ایسی خطا
تو یہہ حال ہوئیگا ہر سنگ کا

اوٹھائیگا اک سنگ جو بید رنگ
لہو تازہ دیکھی گا وہ زیر سنگ

کہا سنکی عبدالملک نی یہہ تب
جو فرمایا شہ نی یہہ سے راست سب

کیا کوفہ مین جب علیؑ کو شہید
یہی سانحہ تب ہوا یہان پدید

مجھی یاد ہی یا شہ بحر و بر
مری باپ کی گھر کی دروازی پر

نہایت کلان سنگ اک تہا پڑا
اوسی مین اٹہوایا کچھہ کام تہا

اوٹھا سنگ جسدم تو دیکھا یہہ رنگ
ہی اک تازہ خون جوشن زیر سنگ

یہہ حال اور پہر گریہ خیز اک کہا
کہ میری گلستان مین اک حوض تہا

بنا تہا غرض حوض اسطرح سی
کناری پہ تہی اوسکی پتہر لگی

یہہ کہتا ہون اوس روز کا ماجرا
ہوئی قتل جسدن شہ کربلا

تو اوس باغ مین ناگہان مین گیا
یہہ دیکھا دیا نان رنگ اوس حوض کا

ہین اوس حوض پر سنگ جتنی لگی — لہو تازہ جاری ہی ہر سنگ سی

بیان کر کی یہہ حال اوسنی کہا — ہین برحق امام آپ قایل ہوا

یہہ سنتی ہی عبد الملک کا کلام — لگی کہنی آپسمین سب خاص وعام

ہین بیشک یہہ آل رسول امام — ہاہین بیشک یہی اب جہانین امام

مگر اسکی بعد اس طرح ہی لکہا — کہ عبد الملک نی یہہ شہ سی کہا

وہی ہوگا جو آپ فرمائین گی — رہین گی یہان آپ یا جائین گی

کیا اوسی ارشاد یہہ شاہ سینی — پسند اپنی جسکی ہی قربت تجہی

جواب اوسنی حضرت سی یہہ جب سنا — تو کچہہ سوچکر دل مین ساکت ہوا

غرض ایک ہفتہ وہان رہکی شاہ — گئی پہر مدینہ کو باعز وجاہ

معجزہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

روایت یہہ ابن سلیمان سی ہی — کری خضر خاطر یہہ منزل ہی طی

کیا ہی یہہ راوی نی اسجا کلام — کہ تہا عہد صادق علیہ السلام

لکہا ہی کہ سلطان تہا اک ہند کا — وہ تہا نام حضرت پہ دل سی فدا

سنی تہی جو اوصاف حضرت بہت — ہوی تہی اسی سی محبت بہت

غرض روز وشب اوسکا یہہ حال تہا — کہ ہوتی تہی حضرت سی الفت سوا

وزیروں سے اک روز اوسنے کہا
مین کچھہ تحفے حضرت کو بھجواؤنگا

غرض جب یہہ تجویز باہم ہوئی
کنیز ایک حسین اور اسباب بہی

عریضہ بہر ایک اور تحایف یہہ سب
روانہ کئی پیش شاہ عرب

ملازم جو ہمراہ اسباب تہا
بڑا معتمد نام میزاب تہا

ہوا جب مدینہ مین اوسکا گذر
معہ ہدیہ پہنچا در شاہ پر

سلیمان یہہ کہتے ہین وہ دریہ تہا
کہ اتنے مین مین آکی وارد ہوا

تو اوسوقت اوسنے یہہ مجہسے کہا
یہان ہون مین عرصہ سے بیٹہا ہوا

فرستادہ ہون مین شہ ہند کا
مجہے لیچلو پیش شاہ ہدا

ہوا الغرض شہ کا جب سامنا
بآداب تسلیم کی اور کہا

شرف یاب عبد مسافر ہوا
رہ دور سے ہون مین حاضر ہوا

ہوا مجکو یہان عرصہ جا[illegible]
مگر اب مشرف ہوا شاہ سے

کہا اوسنے پہر یہہ کہ شاہ زمان
شہ ہند نے مجکو بہیجا ہے یہان

یہہ بہیجی ہے عرضی بعجز و نیاز
لگے پڑہنے وہ لی کی شاہ حجاز

اغافی پہ تہا نام حضرت لکہا
اوسے کہول کر شہ نے مطلب پڑہا

لکہا تہا یہہ اوسنے بعجز و نیاز
کہ مین ہون غلام شہ سرفراز

یقین ہی کہ ہوجای گر فضل رب ہدایت کرین مجکو شاہ عرب
یہہ احوال لکہکر پہر اوسنی لکہا کہ مقبول حضرت ہو ہدیہ میرا
اگرچہ یہہ حضرت کی قابل نہین تحایف مین ہی اک کنیز حسین
یہہ ہدیہ ہی لیکر جو حاضر ہوا بہت معتمد ہی یہہ خادم میرا
امانت و دیانت مین یہہ فرد ہی بری ہر خیانت سی وہ مرد ہی
یہہ مضمون عرضی کا جب پڑہ چکی تو فرمایا حضرت نی میزاب سی
اب ای شخص خاین یہانسی تو جا یہہ جو کچہہ ہی لایا اوسی ہی اوٹہا
ہی جس مین کہ واقع خیانت ہوی نہ لونگا مین ای شخص اوسکو کبہی
یہہ سنکر قسم کہا کی اوسنی کہا کہ مینی نہین کی ہی ایسی خطا
تو کہنی لگی یہہ شہ نیک خو کہ جامہ جو پہنی ہی اسوقت تو
گواہی تیری دی جو جامہ تیرا مسلمان تو ہوگا مجکو بتا
دیا تب یہہ اوسنی جواب خلاف کہ اس امر سی مجکو رکہیی معاف
لکہون تیری مالک کو شہ نی کہا ہوئی ہی جو ای شخص تجسی خطا
کہا اوسنی بی شک وہ اب کیجیی خطا کچہہ ہوئی ہو تو لکہہ بہیجیی
جواب اوسکا جسوقت شہ نی سنا سوئی قبلہ مونہہ کرکی یہہ کی دعا

کہ اسو

که اسوقت یارب یهه باتین کری   ہی یهه شخص جامه جو پہنی ہوی
کہا پہر یهه میزاب سی ایکبار   یهه جامه جو پہنی ہی اسکو اوتار
تو اوسنی بحکم امام ہدا   وه جامه اوتارا زمین پر رکہا
اوسی وقت وه جامه گویا ہوا   سفر کا سب احوال اوسنی کہا
کہ یهه ہدیه بہیجا تہا جب شاه نی   آمین تحایف کیا تہا اسی
یهه اقرار تہا اوسنی اوسدم کیا   کہ مجہسی خیانت نهوگی ذرا
تو ہی ایک منزل کا یهه ماجرا   کہ مینه برسا اوس روز جدہی سوا
ہوئی الغرض جب وه منزل تمام   کیا ایک جا پر پہر اسنی مقام
کنیز آئی ہی یهه جو ہدیه مین یہان   یهه پاس اوسکی بیٹہی تہی با عزو شان
سب اقرار بہولا ہوا بی قرار   الگ لیگیا اسکو یهه ایکبار
کہون کیا که پہر کیا دیانت ہوئی   امانت مین اسکی خیانت ہوئی
بیان جب یهه جامه کا اوسنی سنا   کہا ہی یهه سب جہوٹ سر تا بپا
یهه میزاب نی کہکی اوسدم سخن   اوٹہاکر وه جامه کیا زیب تن
گریبان کیا اپنا جامه نی چست   گہٹا حلق اوسکا ہوا سخت سست
دبایا گلا ایسا جامی نی تنگ   سیه ہوگیا ساری چہریکا رنگ

وہ جسدم قریب ہلاکت ہوا — یہہ جامہ سی ارشاد حضرت ہوا

نکر تو ہلاک اب اسی چہوڑ دی — ہی اولی ہلاک اسکو مالک کری

ہوا جب یہہ حکم شہ نامور — کیا اوسی جامہ نی تب درگذر

یہہ فرمایا پہر شہ نی میزاب سے — ہدایا جو لایا ہی لیجا اسی

یہہ تب اہل صحبت نی شہ سی کہا — شہ ہند کو رنج ہوگا بڑا

کنیز اسکو حضرت تو واپس کرین — سوا اسکی تحفی جو ہین اونکو لین

کیا عرض کو اونکی شہ نی قبول — کہا تب یہہ شہ ہند نی ہوکر ملول

کہ مالک کو میری نہ کچہہ ہوگا باک — مجہی اس خطا پر کریگا ہلاک

کیا اسطرحکا جب اوسنی کلام — یہہ کہنی لگی اوسی شاہ انام

قبول اب کری تیغ جو دین مبین — ابہی دو دن مجہی یہہ کنیز حسین

نہ مانا یہہ ارشاد شاہ ھدا — معہ زن وہ حضرت سی رخصت ہوا

وطن مین جو پہنچا وہ طی کرکی راہ — اوسی دم ہوا داخل بارگاہ

ہوا آستانہ شاہ کا اونکو جب — تو دونون نی مجرا کیا باادب

غرض اونکا مجرا وہ جب لی چکا — وزیر و لنسی اپنی یہہ اوسنی کہا

کنیز اسکی ہمراہ کیون آئی ہی — ہوی کیا نہ مقبول شہ کو یہ تہی

پہر اس بات پر عقل اوسکی لڑی — ہوی اسی کوئی خیانت بڑی
کیا پہر تو دونو پہ اوسنی عتاب — کہا کیا ہوا کچہہ بتاؤ شتاب
یہہ سنکر نہ وہ جاریہ چپ رہی — جو تہی سر گذشت اوسنی بالکل کہی
قضا یا یہہ جس دم ہوا روبکار — کیا قتل دونو نکو تب ایکبار
پہر ایک نامہ حضرت کو اوسنی لکہا — یہہ مضمون تہا بعد مدح و ثنا
کہ یا شہ کنیز آئی جب دم یہان — کیا مجہسی قصہ سب اوسنی بیان
کہان تک گذارش یہہ خادم کری — کیا قتل دونو کو تلوار سی
کوئی حال دنیا مین ایسا نہین — کہ وہ شاہ دین پر ہویدا نہین
گواہی مین دیتا ہون شاہ زمان — کہ ہی ایک خلاق کون و مکان
محمد جو ہین جد اعلای شاہ — وہ ختم الرسل ہین بلا اشتباہ
اور اونکی وصی آپ ہین شاہ ہدا — ہی کافر جسی شک ہوا اسمین ذرا
یہہ نامہ تو خدمت مین بہجواونگا — اور اسکی عقب اب مین خود آونگا
غرض ختم جب دم وہ نامہ ہوا — لفافہ کیا اور روانہ کیا
جو اوسنی لکہا تہا وہ آخر ہوا — کہ خود شہ کی خدمت مین حاضر ہوا
حصول اوسکو ایمان دین کا ہوا — کہ حضرت کی شیعو نمین داخل ہوا

زمانی کی شاہی وہ سمجھا ہی | بسر شہ کی خدمت مین کی زندگی
نہ چھوڑی شہ دین کی اوسنی قدم | گیا وہ نہ جب تک کہ ملک عدم

معجزۂ دیگر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

روایت یہہ ہی ابن یعقوب سے | وہ اسطرح راوی ہین اس حال کے
سنو مجھسی یہہ ذکر اک روز کا | کہ بیٹھی تھی خیمہ مین شاہِ ہدا
مین اوس وقت خدمت مین موجود تھا | کہ ایک شامی صحبت مین وارد ہوا
یہہ کلام اوسنی بعد از سلام کیا | کہ شاہا وطن ہی میرا ملک شام
کوئی علم دنیا مین ایسا نہین | کہ جس علم کو مینی سیکھا نہین
مین آیا ہون اسجا فقط اِسلئی | کرون بحث حضرت کی اصحاب سی
یہہ کہنی لگی اوسی شاہِ انام | کلام نبیؐ ہی کہ تیرا کلام
یہہ کی عرض اوسنی کہ شاہ انام | ہی بعض اونکا اور بعض میرا کلام
شریک نبیؐ ہی یہہ شہ نی کہا | جواب اوسکا برعکس اوسنی دیا
کہا شہ نی پہنچی ہی وحی خدا | پہر اسی ہی انکار اوسنی کیا
تو فرمایا شہ نی کہ مثل نبیؐ | اسی طرح واجب ہی طاعت تیری
ہوا اوسکو اسکا ہی انکار جب | یہہ کہنی لگی مجہسی شاہِ عرب

کہ اے

کہ اسنے تکلم کی ماقبل سے — بنا کی ہے کچھ حجت اپنی لئے

ذرا جا کی دیکھو تو بیرون در — وہان کوئی اہل سخن ہو اگر

بلا لاؤ اوسکو یہان اس لئے — کہ اس شخص سے گفتگو وہ کرے

غرض پہر مین حضرت سے رخصت ہوا — اوسی وقت ان سبکو حاضر کیا

محمد تہے حمران وقیس و ہشام — اوپی تیغ تہی اونکی گویا کلام

سخندان وذی عقل واہل کلام — کہ تہی سب وہ اصحاب شاہ انامؑ

پی گفتگو تہی جو حاضر ہوے — تو شامی سے تقریر کرنے لگے

کہ خیمہ سے دیکہا یہہ تب شاہ نے — کوئی شخص آتا ہے یہان دور سے

کیا پہر یہہ حضرت نے سب سے کلام — یہہ آتا ہے جو ہے یہہ بیشک ہشام

غرض آکے پہنچا جو وہ نیک نام — تو دیکہا کہ ابن حکم ہے ہشام

بٹہایا اونہین سبنے پہر اپنے پاس — کہ وہ تہی غلام شہ حق شناس

تب ارشاد سب سے یہہ شہ نے کیا — ہے دل اور زبان سے یہہ ناصر مرا

ہوا پہر یہہ شامی کو حکم امام — کہ آغاز کر اس پسر سے کلام

سنا جب یہہ شامی نے حکم امام — مخاطب ہوا تب وہ سوئے ہشام

لگا کہنے مجھکو یہہ ہے آرزو — امامت مین حضرت کی ہو گفتگو

سوال اوسکا جب دم اونہوں نی سُنا — کہا تو بتا حال اب خلق کا
ہی اس پر عنایات ربِّ جہان — کہ یہہ اپنی اوپر ہی خود مہربان
تو یہہ سنکی شامی نی اوسنی کہا — کہ ہی مہربان اس پہ ربِّ عُلا
جواب اوسکا یہہ سنکی بولی ہشام — دیٔ جا ابہی تو جواب کلام
بتا تو وہ ہی دین و مذہب مین کیا — جو ہی خلق کی ساتھہ لطف خدا
کہا اوسنی یہہ ہی وہ لطف خدا — دلیل اور حجت کو قایم کیا
ہشام اوسی یہہ سنکی کہنی لگی — ہی دشوار تجہکو جو مہلت ملی
بتا وہ دلیل اور حجت ہی کیا — کہا اوسنی وہ ہین رسولِ خدا
یہہ بولی کہ اب تو مجہی یہہ بتا — گئی خلد مین جب رسولِ خدا
تو بعد اونکی ہی کون حجت دلیل — کہ ہو دین مین وہ ہمارا کفیل
جواب اسکا شامی نی پہر یہہ دیا — ہی حکم نبیؐ اور کتاب خدا
یہہ بولی کہ اونسی یہہ ہویگا صاف — کہ واقع ہی جس شی مین اب اختلاف
وہ بولا کہ ممکن ہی رفع نفاق — یہہ بولی کہ پہر کیون نہین اتفاق
تو کیون گفتگو کرنی آیا یہان — تیری عقل بس ہی یہی تیرا گمان
کہ دو مختلف ایک عقل بشر — ہی مشکل کری جمع اک قول پر

ہوا ختم جب یہہ کلام ہشام
رہی پہر نہ شامی کو تاب کلام

تب اوسوقت شامی سی شیخ نی کہا
بتا تو کہ اب کیون ہی ساکت ہوا

کہا اوسنی کہتا ہو تمین گر یہہ صاف
نہیں ہم مین اور تم مین کچہہ اختلاف

تو ہوتا ہون اسمی مکابر مین اب
اگر مین یہہ کہتا ہون اسکا سبب

کہ حکم نبی اور کتاب خدا
تخالف کو کرتی ہین دونو جدا

کہون اسکی مین کسطرح برخلاف
کہ ہی ہم مین تم مین بہت اختلاف

مگر ہی یہہ اک امر باقی ابہی
کرون گفتگو مثل انکی کوئی

تو فرمایا شہ نی وہ کر تو خطاب
ابہی پائیگا یہانسی اوسکا جواب

ہوا جب یہہ حکم امام انام
اعادہ کی اوسنی دلیل ہشام

غرض تہی ہشام اوسی جیج کہہ چکی
وہی کلمی شامی نی اونسی کہی

کہ خالق خلایق پہ ہی مہربان
و یا آپ پر خود ہی شفقت کنان

سوال اوسکا یہہ سنکی بولی ہشام
کہ ہی مہربان خالق ذوالکرام

یہہ بولا کرو مجہپہ اب یہہ عیان
مین کرتا ہون اسدم جو تمسی بیان

لی خلق ایسی دلیل یقین
خدا نی معین ہی کی یا نہیں

کہ ہو باعث اتفاق اسکی صاف
کری دفعہ اسمین جو ہوا اختلاف

اور اک امر یہہ ہوی اسکی سوا — کہ باطل سی حق کو کری وہ جدا
وہ بولی کہ تہی ابتدا مین نبیؐ — ہین بعد اونکی جو جو ہین اونکی وصی
یہہ بولا وہ ہین کون آگہہ کرو — کہ ہین جو بجائی شہ نیکخو
وہ بولی کہ اسوقت یا قبل ازین — یہہ بولا کہ اسوقت جو ہی امین
یہہ شامی سی جب دم اونہون نی سُنا — اشارہ سوی شہ کیا اور کہا
کہ لی دیکہہ یہہ ہین امام ہدا — یہی ہین بجائی شہ انبیا
خدائی یہہ رتبہ ہی انکو دیا — بتاتی ہین احوال ارض وسما
تجہی سب جو منظور دریافت کر — بتا دینگی تجکو شہ بحر وبر
جو پہنچا ہی علم انکو میراث کا — وہ حضرت سی ہی تا رسولؐ خدا
یہہ بولا جو اسوقت تمنی کہا — یہہ کسطرح معلوم ہوگا بہلا
وہ بولی کہ جو دل مین آئی تیری — ابہی شاہ سی تو اوسی پوچہہ لی
یہہ بولا کوئی عذر باقی نہین — مین پوچہون بتائین اوسی شاہ دین
یہہ فرمایا شامی سی تب شاہ نی — نہین اوسکی باقی ہی حاجت تجہی
خبر خود مین دیتا ہون اسکی تجہی — تیری سیر کی اور سفر کی تری
امیر اب سخن کو نہ یہان طول دو — عبارت بہت ہی خلاصہ کہو

شروع سفر انتہای سفر
کہا شہ نی سب ماجرای سفر
تو شامی نی جب حال اپنا سنا
قسم کہا کی شہ سی یہہ کہنی لگا
کہ صدقت واللہ یا شاہ دین
جو فرمایا شہ نی یہہ سب ہی یونہین
غرض پڑہ کی کلمہ یہہ اوسنی کہا
کہ مین آج دل سی مسلمان ہوا
نہ تہا پہلی ایمان میرا درست
ہوا آج ساماں عقبا درست

معجزہ حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام

روایت یہہ لکہتی ہین ابن حماد
یہہ حضرت کا اعجاز ہی مجکو یاد
امیر امم شاہ گردون مقام
کہ موسی کاظم علیہ السلام
مدینہ سی صحرا کی جانب چلی
تو مجکو بہی ہمراہ لیتی گئی
ہوا جب کہ صحرا مین شہ کا گذر
تو ناگاہ اک شخص آیا نظر
یہہ دیکہا وہ جاتا ہی روتا ہوا
سبب اوسکی رونیکا پوچہا گیا
غرض اوسنی یہہ حال اپنا کہا
مرا خر تہا اور اوسپر اسباب تہا
تو اس دشت مین جب مین وارد ہوا
گری برق اوسپر فنا ہوگیا
وہ سب بار ہی اب زمین پر پڑا
نہین اتنی طاقت کہ لون خود اوٹہا
ہوا تہا ابہی ختم اوسکا بیان
مسافر کئی اور آئی وہان

پہر اوس صاحب خرسی شہ نی کہا — کہ شاید مرا ہو نہ وہ خر ترا
بکلام امام اوسنی سنکر کہا — کہ مین تو ہون اس رنج مین مبتلا
اور آپ اوسپہ ہنستی ہین مونہہ دیکہکر — نہین رحم کرتی مری حال پر
کہا شاہ نی ہی تجہی کچہہ خبر — کہ زندہ ہو جس امر سی تیرا خر
یہہ کہکر جو ساکت ہوی شاہ دین — ہوا اور وہ اوسسی اندوہ گین
غرض اوٹہہ کی وہ شخص اور شاہ دین — گئی لاشۂ خر کی جسدم قرین
تو وہ سب مسافر بہی آئی وہان — کہ وہ لاشہ خر پڑا تہا جہان
کیا پہلی ارشاد کچہہ شاہ نی — اوٹہا کر پہر اک چوب ماری اوسی
پڑی لاش پر جب وہ چوب شجر — اوٹہا زندہ ہوکر اوسی دم وہ خر
تب اوس صاحب خرسی شہ نی کہا — کہ لی اپنا خر اور یہان سی تو جا
وہ جب ہوکی رخصت روانہ ہوا — یہان ان سبہون نی یہہ شہ سی کہا
ہمین اپنا اب نام تبلائی — حسب اور نسب کیا ہی فرمائی
حقیقت مین یہہ امر اعجاز ہی — ہوا ہی یہہ جو کچہہ خدا ساز ہی
کہ اسوقت خر کو جو زندہ کیا — یہہ عیسیٰ مریم کا اعجاز تہا
تب ابن عماد اونسی کہنی لگی — کرون تمکو آگاہ اس حال سی

وہ اعجاز جو انبیا کو دئی
خدائی وہ انکو عطا سب کئی

یہہ ہین جانشین شہ انبیا
یہہ ہین بندہ خاص رب علا

کیا تمسی دریافت جو انکا نام
یہہ موسی کاظم ہین شاہ امام

یہہ سنکر کہا سب نی یا شاہ دین
کہ تعلیم ہو ہمکو دین مبین

غرض شہ نی کلمہ پڑہایا اونہین
اور آئین دین سب بتایا اونہین

مسلمان ہوئی تہی جو سب ایکبار
نصارا تہی دس اور یہودی تہی چار

معجزہ حضرت امام رضا علیہ السلام

روایت یہہ احمد نی یون ہی لکہی
امام رضا کی اس اعجاز کی

کہ جاتی تہی یہان سے خراسان شاہ
ملا شہر بغداد ما بین راہ

رجب نام حامی اک تہا وہان
کہ تہا وہ محب امام زمان

سنا اوسنی آتی ہین شاہ ہدا
خوشی سی عجب حال اوسکا ہوا

ہوی جوش تن دل مین الفت کی لہر
گیا پیشوائی کو بیرون شہر

تو جب دم مشرف وہ شہ سی ہوا
باعزاز پہر اپنی گہر لیگیا

ہوئی داخل خانہ جب شاہ دین
زیارت کو آئی بہت مومنین

کئی روز کی بعد پہر شاہ نی
یہہ ارشاد فرمایا اوس شخص سی

که تو گرم کر آج حمام کو ‏ ‏ هر اک حوض بهی اوسکا پر آب هو
تو اس رات کو آج اون وهان ‏ ‏ یهه سنتی هی ارشاد شاه زمان
رجب کو عجب عید اسکی هوئی ‏ ‏ درستی لگا کرنی حمام کی
کیا خادمو نسی یهه اوسنی بیان ‏ ‏ کوئی غیر آنی نپائی یهان
سنو یهان سی اک اور یهه ماجرا ‏ ‏ مریض اک وهان قرب حمام تها
غرض تها یهه اوس شخص کو عارضا ‏ ‏ که مبروص تها سر سی وه تا به پا
یهه آتی تهی بو اوسکی اندام سی ‏ ‏ که اهل محله (جذام) پریشان تهی
شب و روز رهتا تها اندوه گین ‏ ‏ نه تهی اتنی طاقت که جاتا کهین
تو اوس دن کسی نی یهه اوس سی کها ‏ ‏ یهان آج آئین گی شاه هدا
جو حمام هی تیری گهر کی قرین ‏ ‏ نهائین گی اوس مین امام مبین
یهه سنکر نهایت هوا وه خوشی ‏ ‏ نه طاقت تهی گو اوسمین رفتار کی
بهر شکل بستر سی اپنی اوٹها ‏ ‏ اوسی وقت حمام مین وه گیا
جلاتا تها جو شخص آتش کدا ‏ ‏ دیا زر اوسی اور یهه مطلب کها
یهه مینی هی اس دم کسی سی سنا ‏ ‏ نهائین گی یهان آج شاه هدا
تو لیجا کی حمام مین تو ابهی ‏ ‏ بٹهادی مجهی هو جو گوشه کوئی

وہ پایا نہ تھی اوسکو جسکی امید　　بدن ہوگیا سارا سرخ و سفید

رجب سی یہہ فرمایا پھر شاہ نی　　کہ لیجا کی باہر بٹھا تو اسی

اور اک جامہ جاموں سی لیکر میری　　جو بہتر ہو سب مین پہنا دی اسی

نہ آوین جب تک کہ حمام سی　　یہہ حمام کی در پہ بیٹھا رہی

یہہ ارشاد حضرت جب اوسنی سُنا　　رجب کر کی تعمیل حاضر ہوا

غرض شاہ جب غسل فرما چکی　　برآمد ہوی آپ حمام سی

شفا یافتہ تھا جو بیٹھا ہوا　　قدم پر گرا شہ کی اور یہہ کہا

کہ مین دل سی حضرت کا شیعہ ہوا　　شرف مینی پایا اب اسلام کا

عزیزون نی اوسکی یہہ جب دم سُنا　　شفا پاکی وہ شہ کا شیعہ ہوا

غرض شہ کی خدمت مین آئی وہ سب　　ہوی شیعہ ایمان لائی وہ سب

رجب نی کیا اونکا جب دم شمار　　زن و مرد تھی سب وہ کچھہ کم ہزار

معجزہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

علی ابن خالد نی یہہ ہی لکھا　　مین سامرہ مین جس زمانی مین تھا

غرض ہی یہہ اک روز کا ماجرا　　کسی شخص نی مجھسی آکر کہا

ہی اک شخص کل یہان مقید ہوا　　فرستادہ ہی حاکم شام کا

جو

جو تھا حاکم شام محنت اثر — محمد تھا عبدالملک کا پسر
کیا مینی اوسدم یہہ دل مین خیال — کرون چل کی دریافت اوسکی حال
یہان آکی تو قید کیون کر ہوا — سبب اوسکا ای شخص مجکو بتا
غرض پھر اوسی دم وہان مین گیا — کہ جسجا وہ آفت زدہ قید تھا
نگہبانون نسی اذن جب لی چکا — تو مین قید خانی کی اندر گیا
وہان دیکھا اسطرح محبوس کو — کہ ہی پابجولان وہ مرد نیکو
کلام اوسکا جسوقت مینی سنا — وہ ذی عقل و ذی علم ظاہر ہوا
سخن جو تھی اوسکی وہ سب خوب تھی — روایات دلچسپ و مرغوب تھی
یہہ احوال پھر اپنا اوسنی کہا — مین ای شخص باشندہ ہون شام کا
تو ہی ایک قریہ وہان قرب شام — ہی راس الحسینؑ اوسکا مشہور نام
وہان اس زمانی مین مین بہی گیا — اور اک شب تھا مسجد مین بیٹھا ہوا
خدا کی عبادت مین مشغول تھا — کہ ناگاہ اک شخص وارد ہوا
جلالت سی اوسکی مین دلمین ڈرا — بغور اوسکی چہری کو دیکھا کیا
کہ اتنی مین اوسنی یہہ مجسی کہا — کہ اوٹھہ یہانسی اور میری ہمراہ آ
مین پھر ساتھ اوسکی روانہ ہوا — ابہی تھوڑی رستی کو تہا طی کیا

ان آنکھونسی اوسدم ہون کیا دیکھتا
اواکی دہان اوس جوان نی نماز
غرض جب دہانسی بہی ہم وہ چلی
جو ہی مسجد خاتم انبیا
بنی مین پر کیا پہلی اوسنی سلام
غرض بعد اوسکی بعجز و نیاز
مین طاعت سی اوسکی نہ باہر ہوا
تو بعد اوسکی دہان سی روانہ ہوی
کیا کعبہ کا اوس جوان نی طواف
وہ کعبہ سی جسدم روانہ ہوا
مجہی تہوڑی عرصہ مین آیا نظر
کہ اتنی مین وہ شخص غایب ہوا
پہر اک سال کی بعد آیا وہ شخص
اوسی طرح ہمراہ پہر لیگیا
پہنچتی ہی پہر گہر مین آیا خیال

کہ مین مسجد کوفہ مین ہون کہڑا
ہوا مین بہی اوس فیض سے سرفراز
مدینہ مین بی وقفہ داخل ہوی
قرار اوسمین پہر اوس جوان نی لیا
پڑہی پہر زیارت بشوق تمام
اواکی زیارت کی اوسنی نماز
پڑہا اوسنی جو کچہہ وہ مینی پڑہا
اوسیطرح بی وقفہ کعبہ مین تہی
کیا مینی بہی ساتہہ اوسکی طواف
تو پہر اوسکی ہمراہ مین بہی چلا
وہی ملک شام اور وہی اپنا گہر
تعجب ہوا مجکو حد سی سوا
اوسیطرح تشریف لایا وہ شخص
اوسی طرح پہر گہر مین پہنچا دیا
کہ یہہ کون ہی پوچہو اب اسی حال

غرض اوس جوان سی یہہ مین کہا	کہ جسنی یہہ کی تجھکو قدرت عطا
اوسی کی قسم ہی کہ مجھکو بتا	ترا نام کیا ہی تری قوم کیا
تو ارشاد اوسدم یہہ مجھسی کیا	محمد ہون ابن امام رضا
یہہ اسم مبارک جو مینی سنا	تو فورًا مین قدمونپہ اوسکی گرا
اوٹھا جب قدم شہ کی مین چوم کر	تو حضرت مجھی پھر نہ آئی نظر
یہہ اک شخص سی مینی اک دن کہا	کہ گذرا ہی مجھپر یہہ سب ماجرا
غرض مجھسی یہہ سنکی اوس شخص نی	کہا جاکی سب حاکم شام سی
یہہ احوال حاکم نی جسدم سنا	دیا حکم اوسنی مری قید کا
خلاصہ یہہ کرتا ہون تجھسی بیان	وہانسی مین محبوس آیا یہان
تو یہانسی علیؑ نی ہی اب یون لکھا	کہ قبل اسکی زیدی تھا مین برملا
یہہ قصہ جو قیدی سی مینی سنا	ہوا دفعتًا مجھہ پہ فضل خدا
مرا دین وایمان کامل ہوا	کہ حضرت کی شیعونمین داخل ہوا
اقارب تھی اسی نفر سب مری	وہ سب لوگ بھی دل سی شیعہ ہوی

معجزہ حضرت امام علی نقی علیہ السلام

ہی یحیی بن ہرثمہ نی لکھا	ابو الفضل حاکم تھا سامرہ کا

تو اک روز اوسنی بلاکر مجہی   کہا ہی بلایا تجہی اس لئی
تحایف کا اسباب مین دون تجہی   مدینہ کی پہر یہانسی تو راہ لی
وہ اسباب پہر دیکہی مجہسی کہا   علی نقیؑ ہین وہان پیشوا
یہہ اسباب تو جا کی دینا اونہین   پہ تعظیم پہر وہانسی لی آ اونہین
مرخص مین ہو کر جو وہانسی چلا   حفاظت کو لشکر مری ساہتہ تہا
تو اوس فوج مین ایک سردار تہا   اوسی آل احمد سی انکار تہا
اور اک شیعہ کاتب بہی ہمراہ تہا   وہ تہا آل اطہر پہ دل سی فدا
کیا کرتی تہی بحث وہ دین کے   ندیتا تہا مین دخل اوسمین کبہی
ہوئی ختم جب نصف راہ سفر   ہوا ایک صحرا مین اکدن گذر
نہ بستی کوئی اور نہ کوئی شجر   نہ تہا منزلون وہان نشان بشر
وہ افسر جو دشمن ائمہ کا تہا   یہہ کاتب سی اوس روز کہنی لگا
علیؑ ہین جو پہلی تمہاری امام   ہی مشہور سب مین یہہ اونکا کلام
نہین ہی جہانین کوئی ایسی جا   ہوی ہو نہ جس جا لحد کے بنا
نہین ہی جہان قبر ایک بہی   بنی گی وہان بہی یقینی کبہی
کہا پہر یہہ کاتب سی سچ ہی بتا   کہ ہی راست کاتب نی اوسی کہا

کلا

کلام علی جہوٹ ہوتا نہین	یہہ سنکر لگا کہنی تب وہ لعین
ذرا تو دیکھہ صحرا کو ای بی خبر	اگر ہوئی اس دشت مین کچھہ بشر
تو مرتی وہ اور دفن ہوتی یہین	اسی سی نہین ہمکو اسکا یقین
یہہ سنتی ہی کاتب تو ساکت ہوا	کہا مینی سچ ہی یہہ کہنا ترا
یہہ صحرا ہو قبرونسی پُر ہی محال	یقین اسکا لانا ہی بیجا خیال
غرض چند روزونمین پہنچا وہان	کہ تہا مجکو منظور جانا جہان
مین جب دم مدینہ مین داخل ہوا	اوسی دم گیا پیش شاہ ہدا
پہنچتی ہی حضرت کو مجرا کیا	اور اسباب دیگر یہہ مینی کہا
خلیفہ نی شہ کو کیا ہی طلب	چلین مینہ انکی ساتھہ شاہ عرب
سنا یہہ تو فرمایا تب شاہ نی	کرونگا سفر بعد دو روز کی
مین سامان سفر کا مہیا کرون	تو بعد اسکی ہمراہ تیری چلون
یہہ سنکر مین حضرت سی رخصت ہوا	اوسی وقت پہر اپنی لشکر گیا
مین جب دوسری روز حاضر ہوا	تو دیکہا وہان مینی یہہ ماجرا
کہ ہی گو کہ گرمی کا موسم ابہی	سیہ ہی فنکر پوشاک سرمائی کی
یہہ خیاط سی کہہ رہی ہین امامؑ	کہ پوشاک کل اسکی دی قبل شام

یہہ پہر مجہسی بولی شہ نیکخو — اسیطرحکا تم بہی سامان کرو
کہ ہی کوچ پرسون یہانسی مرا — جواب اسکا شہ کو نہ سینی دیا
غرض جب مین صحبت سی شیخ کی اوٹہا — تو اوسوقت یہہ دل سی کہتا چلا
نہین جانتی کیا یہہ حال سفر — نہین نکلی گویا یہہ بیرونِ در
کہ ہی پیش دیکہی توکل یہانسی راہ — اور اوسپر یہہ سامان کرتی ہین شاہ
تو یہہ دلسی باتین مین کرتا ہوا — اوسی طرح منزل پہ اپنی گیا
مین پہر تیسرے دن جو پہنچا وہان — تو دیکہا یہہ سامانِ شاہ جہان
کہ پوشاک وہ سب جو کچہہ تہی بنی — وہ حضرت نی اپنی غلامونکو دی
سوا اسکی سامان سفر کا تمام — ہی موجود سب پیش شاہ انام
خلاصہ ہی یحیی نی اس جا لکہا — روانہ ہوئی جب کہ شاہ ہدا
معہ فوج پہر ساتہہ مین بہی چلا — کئی روز کی بعد آئی وہ جا
کہ قبرونکا جس جا ہوا تہا بیان — پہر دن تہا باقی جو پہنچی وہان
یہہ اوسدم ہوا کو تغیر ہوا — بحکم خداوند ارض و سما
اوٹہی پہر وہ کہنگہور کالی گہٹا — چراغ فلک جستی مخفی ہوا
چلی اسطرح کی ہوا تند و تیز — زمین پہ ہوا آسمان خاک ریز

وہ آندہی سیہ الحذر الاماں | ہوا تیرہ و تار سارا جہاں
سیاہی یہہ اوس دم نمودار تہی | نہ تہا دن وہ گویا شب تار تہی
غرض پہر وہ شدت کی بارش ہوئی | سنی تہی نہ ہمنی نہ دیکہی کبہی
وہ بارش کا شور اور وہ زور ہوا | سمندر کا طوفان ہی کہنا بجا
چہپی دیدہ خلق سی غرب و شرق | چمکنی لگی سبکی آنکہوںمیں برق
گرجنی لگا رعد کانپی جگر | کئی ساعت اولی پڑی خاک پر
فقط برف آنی لگی راس و چپ | چڑہی سبکو سر دیسی جاڑیکی تپ
زمین پر ہوا عالم زمہریر | جوان تہی خمیدہ ہوئی مثل پیر
ہوا مین پہر ایسی برودت ہوئی | کہ سب فوجکی غیر حالت ہوئی
وہ جامی جو حضرت کی ہمراہ تہی | غلاموںنکو کاتب کونشہ نی دئی
کہا ایک خادم سی پہر شاہ نی | کہ بخشی کو ہی اسمین سی کچہہ تو دی
تو جسدم وہ کپڑی عنایت ہوئی | وہ ہم سمجہی پہر زیب تن سب کئی
وہ بارش نہ تہی تہا وہ قہر خدا | ہوئی تہی وہ لشکر پہ نازل بلا
ہوئی رات و نکلی نئی بات تہی | سیاہی وہ کیا تہی کہ ظلمات تہی
کیا گرم جاڑی نی بازار موت | ہوئی سیکڑوں ناری اوس روز فوت

بجی کیا غضب ہو جو معبود پاک　　بہت لوگ اوسدم ہوی تب ہلاک

چلی فوج پر جب وہ تیغ اجل　　سیہ بختی ظاہر ہوی فی المثل

کہ دیکہا سبہون نی وہ روز سیاہ　　وہ شبخون تہا یا تہا وہ قہر اللہ

بہت تیز اسدم ہی تیغ زبان　　کرون اب مین شبخونکی صورت بیان

گہری فوج قہر خدا مین تمام　　وہ شبخون تہا گویا پی اہل شام

وہ ابر سیہ تہا نہ اوس فوج پر　　دم جنگ ڈہالین تہین بالای سر

چمکتی تہی بجلی نہ وہ بار بار　　چمکتی تہین تیغین دم کارزار

گرجتا جو تہا رعد وہان برمحل　　تو گویا وہ بجتا تہا جنگی دہل

برستی تہی اولی کہ پیش نظر　　لڑائی مین گرتی تہی کٹ کٹکی سر

وہ بارش کا پانی نہ تہا چارسو　　وہ بہتا تہا صحرا مین گویا لہو

ہی افسوس ایجا لبس اسباب کا　　کہ دوزخ مین پہلی وہ افسر گیا

پہر اوسدم یہہ حضرت سی مینی کہا　　دعا اب کرین آپ بہر خدا

کہ جلدی کہین ہو دفع یہہ بلا　　یہہ سنکر لگی کرنی حضرت دعا

بس اوٹہتی ہی حضرت کی دست دعا　　رہا ابر باقی نہ زور ہوا

ہوی صبح گویا ہٹا ابر کیا　　دہی روز روشن نمایان ہوا

کیا

کیا مجھی ارشاد تب شاہ نی | تری فوج مین جو اجل سی بچی
اونہین حکم توجا کی یہہ دی اہی | کرین دفن مردونکو اپنی اہی
حدیثِ علیؑ کا نتیجہ ہوا | کہ قبروںسی معمور صحرا ہوا
باعلان اوسوقت مینی کہا | علیؑ نقیؑ کا مین شیعہ ہوا
امامت کا انکی جو قایل نہین | نبیؐ کی وہ امت مین داخل نہین
یہہ کہنا مرا جب سنا فوج نی | کئی سو نفر شہ کی شیعہ ہوی

معجزۂ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

ہی راوی ابو ہاشم باخرد | خلیفہ تہا سامرہ مین معتمد
تو سامرہ کی قرب اک دشت تہا | وہ تہی ان درندونکی رہنی کی جا
سگ و کرگدن گرگ و شیر ژیان | نہ ملتی تہی انکو جن سی امان
غرض معتمد تہا جو ظالم بشر | ہلاکت ہوی جسکی مد نظر
بزور اوسکو ظالم نی بہیجا وہان | کہ تہا اون درندونکا مسکن جہان
تو کہتا ہی راوی یہ بی قیل و قال | امام حسن عسکریؑ کا یہہ حال
حسد شہ سی رکہتا جو تہا معتمد | وہین بہیجا اونکو بہی با جد و کد
سوئی دشت جب شہ روانا ہوی | خلیفہ کی کچہہ لوگ ہمراہ تہی

تو پہنچی وہان جب شہ بحر و بر — درندہ تہی وہ جسقدر جانور
پڑی جب شہ دین پہ اونکی نظر — ادب سی وہ حاضر ہوی ہمدگر
وہ سب گرگ بہی آگی یوسف کی آئی — باداب شیر دین لی بہی سر جہکای
یکایک دل اونکی پگہلنی لگی — وہ آنکہون کو قدمونپہ ملنی لگی
زبان فصاحت سی پہر یہہ کہا — کہ برحق ہین حضرت امامؑ ہدا
ملازم خلیفہ کے جو آئی تہی — وہ سر اپنی حیرت سی نہوڑای تہی
غرض دیکہکر یہان کا یہہ ماجرا — ہر اک دل سی حضرت کا شیعہ ہوا
سوی شہر شاہ دوعالم چلی — وہ سب لوگ بہی وہانسی باہم چلی
ہوی داخل شہر جب شاہ دین — گئی اپنی گہر مین امام مبین

معجزہ حضرت امام مہدی صاحب العصر والزمان علیہ السلام

لکہا ہی یہہ ابن ابی ثورہ نی — کہ پہلی تو زیدی مری باپ تہی
جب اوس دین کو ترک اونہون نی کیا — تو اک روز اون سی یہہ مینی کہا
سبب اسکا بندی سی فرمائی — ہوی شیعہ کیون اب بتلائی
اونہون نی یہہ ارشاد مجہسی کیا — زیارت کو مین کربلا تہا گیا
تو یہہ ذکر کرتا ہون اس رات کا — کہ جبکی سحر کو وہانسی چلا

بولی

پی خواب بستر پہ لیٹا میں جب
پڑھا سورہ فاتحہ میں تب
کہ ناگاہ دیکھا یہہ میں نے وہان
مری پاس استادہ ہی اک جوان
مری ساتھہ اوسنی ہی سورہ پڑھا
اوہر اوس شب اوسی گھر میں وہ بہی تہا
غرض صبح کو سو کی جب میں اوٹہا
تو وہ شخص بستر پہ اپنی نہ تہا
کیا میں نی سامان سفر کا درست
چلا ہمرہ قافلا ہو کی چست
ہوئی ختم جدم رہ کربلا
تو دریا پہ پہنچا وہ سب قافلا
کناری پہ دریا کی دیکہا وہان
کہ ساحل پہ موجود ہی وہ جوان
جب اوسکی نظر میری اوپر پڑی
تو یہہ بات تب اوسنی مجہسی کہی
ارادہ ہی کوفہ میں جانیکا گر
تو ہم تم چلیں یہانسی باہم گر
سوال اوسکا میں نی بخوبی سنا
جواب اوسکا لیکن نہ کچہہ بہی دیا
تو پہر اوسنی صحرا کا رستہ لیا
اوہر سب نی دریا کا رستہ لیا
بڑہا تہا کچہہ آگی وہ سب قافلا
کہ مجکو خیال آیا اسبات کا
الٰہی ثورہ افسوس کی ہی یہہ جا
نہ کیون ساتہہ تو اوس جوانکی گیا
اوسی سمت کو پہر ہوا میں روان
گیا تہا جدہر وہانسی وہ نوجوان
تو ہی ایک صحرا کا یہہ ماجرا
ہوا اوس جوان کا مرا سامنا

پہر اک سمت کو وہ روانہ ہوا   مجہی اپنی ہمراہ لیتا گیا
مین ساتہہ اوسکی جاتا تہا باصد سرور   کہ اک قلعہ دیکہا مگر وہان سی دور
بہر شکل پہنچی تو قلعہ کی پاس   مین خستہ تہا ایسا کہ تہا بی حواس
کیا اوس جوان نی یہہ اوسدم خطاب   کہ تم سوؤ ہوئی اگر میل خواب
دیا رشک یوسف کو مینی جواب   کہ مجہپر حقیقت مین طاری ہی خواب
قرین قلعہ کی اک خرابہ بہی تہا   وہان جا کی مین چین سی سو رہا
خلاصہ یہہ ہی سو کی جب مین اوٹہا   نواح نجف تہا خرابہ نہ تہا
وہان اوس جوان نی یہہ مجسی کہا   کہ ای شخص مین خوب ہون جانتا
کہ ہی اندنون تجہپہ عسرت کمال   نکہو نکر ہو تو ہی کثیر العیال
یہان سی تو کوفی کو اب ہو روان   ابی طاہر رازی اک ہی وہان
غرض اوسکی گہر پر پہنچنا تو جب   اوسی وقت کرنا بس اوسکو طلب
اوسیوقت پاس آئیگا وہ تیری   تو پہچاننا اوسکو اس شکل سی
کیا ہوگا اک دنبہ اوسنی ہلال   لہو سی کئی ہوگا ہاتہونکو لال
اوسی دیکہکر تو یہہ کرنا بیان   مجہی اک جوان نی ہی بہیجا یہان
مری شکل کا اوسکو دیکر پتا   یہہ کہنا جو ہی دفن صرہ کیا

ہی

ہی زیر حصیر اوسکا یہہ ہی پتا
مجھی دی یہہ ہی اوس جوان نی کہا

غرض لیکی تو صرف کرنا اوسی
یقین ہی کفایت کریگا تجھی

یہہ فرما چکا مجھی جب وہ جوان
ہوا اسوی کوچہ مین جلدی روان

گیا جب تو اوس جا لگا کر پتا
مکان ابن رازیکا پیدا کیا

ہوا ابن رازیکا جب سامنا
تو دیکہا کہ ہاتہو نمین خون ہی بہرا

بیان اوسی پہر مینی سب وہ کیا
کہ جو اوس جوان نی تہا مجہی کہا

کیا ابن رازی نی تب یہہ کلام
بجا لائیگا حکم صاحب غلام

یہہ کہکر بعجلت وہ گہر مین گیا
اور اک صُرّہ زر مجہی لا دیا

غرض صُرّہ لیکر یہہ مینی کہا
بتاؤ وہ ہین کون بہر خدا

تو یہہ ابن رازی نی مجہسی کہا
ہی کافر جو اونکو نہین جانتا

وہ شاہی جہان صاحب العصر ہین
امام زمان صاحب العصر ہین

فضایل کہون اونکی تو ہوگا طول
وہ ہین قایم آل پاک رسول

خدا اسی ورا ولسی ہی راز و نیاز
پڑہین گی مسیح اونکی پیچہی نماز

مبارک زمانہ وہ جب آئیگا
جو مومن ہین اونپر یہہ کہل جائیگا

یہہ احوال جب مجہپہ ظاہر ہوا
مین پہر خدمت شہ مین حاضر ہوا

یہہ جو کہا مین پہنچا جو حضرت کی پاس
کہ آہو اک آتا ہی وہان بیہواس

وہ آئی ہی شہ کی قدم پر گرا
اور اپنی زبان مین یہہ اوسنی کہا

کہ اک شیر آتا ہی پیچھی مری
بچا لین مجھی آپ اوس شیر سی

مجھی اوسنی مارا تو بچہ مرا
یقین ہی کہ بن دودہ مر جائیگا

بس اتنی مین وہ شیر آیا وہان
کیا اوسنی یہہ حال اپنا بیان

کہ بہوکا ہون مین یا شہ نامدار
